آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز جمعرات 13 اگست 2020ء بمطابق 23 ذوالحجہ 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 219

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45
اہل تشیع فجر صبح	04:15
ظہرین	01:00
مغربین	07:27

میاں نوجوان پروگرام حکومت کی ترجیح ہے

حفیظ شیخ، عثمان ڈار

پروگرام کیلئے جتنا پیسہ چاہیے ہوگا فراہم کریں گے، ایک ارب روپے سے زیادہ قرض دیا چکا ہے، شرح سود کو آدھا کر دیا ہے، اسکیم کو تین مہینوں سے بڑھا کر 21 مہینوں تک بڑھایا ہے

کورونا کے بعد حکومت کی کوشش ہے کہ عوام کو کاروبار کیلئے زیادہ سرمایہ فراہم کیا جائے، کامیاب نوجوان پروگرام کیلئے اہم فیصلے کیے گئے

ہر اس نوجوان کو کاروبار کیلئے پیسے دیں گے جن کے پاس تجربہ اور ہنر ہے، کورونا وائرس کیلئے رکھے گئے فنڈز اسی کیلئے استعمال کیے جائیں گے، پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے کامیاب جوان پروگرام کیلئے ایک سال میں ایک ارب روپے کے قرض جاری ہونے کے بعد پروگرام کو تیز کرنے کا فیصلہ اور نوجوانوں کو نئے کاروبار شروع کرنے میں مدد دینے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ کامیاب نوجوان پروگرام حکومت کی ترجیح ہے، پروگرام کیلئے جتنا پیسہ چاہیے ہوگا فراہم کریں گے، ایک ارب روپے سے زیادہ قرض دیا چکا ہے، شرح سود کو آدھا کر دیا ہے، اسکیم کو تین مہینوں سے بڑھا کر 21 مہینوں تک بڑھایا ہے، ہر اس نوجوان کو کاروبار کیلئے پیسے دیں گے جن کے پاس تجربہ اور ہنر ہے، کورونا وائرس کیلئے رکھے

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ کی ترقی کے لئے 20 ارب روپے خرچ کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان

دارالحکومت کو کسی بھی سیاسی جماعت یا سیاسی نظریے سے بالاتر ہو کر دیکھنا چاہیے کوئٹہ ہم سب کا شہر ہے اور ہم اسے بہتر بنانے کے لئے ہر ممکن اقدام کر رہے ہیں

کابینہ صوبے کا سب سے اہم اور بڑا فورم ہے جس میں اہمیت کے حامل پالیسی فیصلے کئے جاتے ہیں، لہٰذا اس تناظر میں صوبے کے اچھے اور برے کے ہم خود ذمہ دار ہیں

اگر ہم نے بلوچستان کے ساتھ بھلائی کرنی ہے تو پھر اپنے نظام اور طریقہ کار کو بہتر بنانا ہوگا اور صوبے اور یہاں کے عوام کے مفادات کو ہر چیز سے مقدم رکھنا ہوگا، صوبائی کابینہ اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا کہ صوبائی حکومت کوئٹہ کی ترقی اور بہتری کے لئے اقدامات کر رہی ہے انشاء اللہ کوئٹہ کو ہم اسکا مقام دیں گے، یہ بات انہوں نے اپنے ایک ٹوئٹ میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ سے بلوچستان عوامی پارٹی کا کوئی بھی رکن اسمبلی نہیں ہے لیکن ہم کوئٹہ کی ترقی کے لئے 20 ارب روپے خرچ کر رہے ہیں دارالحکومت کو کسی بھی سیاسی جماعت یا سیاسی نظریے سے بالاتر ہو کر دیکھنا چاہیے کوئٹہ ہم سب کا شہر ہے اور ہم اسے بہتر بنانے کے لئے ہر ممکن اقدام کر رہے ہیں انشاء اللہ کوئٹہ کو اسکا جائز مقام دیا جائیگا جو اس کا حق ہے دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیر صدارت منعقد ہونے والے صوبائی کابینہ کے اجلاس میں کوئٹہ سیف سٹی پروجیکٹ فیز ون کو کوئٹہ سمارٹ سٹی فیز ٹو میں تبدیل کرنے

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

جشن آزادی بھرپور انداز میں شایان شان طریقے سے منایا جائے

لیاقت شاہوانی

کرونا وائرس سے بچاؤ کے تمام ایس او پیز پر سختی سے عمل درآمد کرایا جائے گا، ترجمان صوبائی حکومت

کوئٹہ (ٹی ٹی) ترجمان صوبائی حکومت لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ صوبے بھر میں وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی ہدایت کی روشنی پر جشن آزادی بھرپور انداز میں شان شایان طریقے سے منایا جائے اس کیلئے کرونا وائرس سے بچاؤ کے تمام ایس او پیز پر سختی سے عمل

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نیشنل پارٹی کے رجسٹریشن آفس کا تفصیلی دورہ

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نیشنل

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

بلوچستان ہائی کورٹ کے احکامات پر بلڈنگ کوڈ کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ہائی کورٹ کے احکامات پر بلڈنگ کوڈ کی خلاف ورزی کرنے والوں

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ و گردونواح میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور دو گھنٹے میں کمی کا سلسلہ ختم نہ ہو سکا

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ و گردونواح میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور دو گھنٹے میں

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی میں 6 صوبائی وزراء اراکین اسمبلی کی رخصت کی درخواستیں منظور کر لی گئی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی میں 6 صوبائی وزراء اراکین اسمبلی کی رخصت کی درخواستیں منظور کر لی

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

سریاب روڈ عوامی پمپ کے قریب گاڑی کی ٹکر سے نوجوان بی پی ٹی کی جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں ٹریفک حادثہ 1 بی جاں بحق پولیس کے مطابق بدھ کو کوئٹہ کے علاقے

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

وزیر اعظم عمران خان کا کاروباری برادری کی جانب سے بھرپور اعتماد پر اطمینان کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے کاروباری برادری کی جانب سے بھرپور اعتماد

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سے زاہدان جانے والی مالبردار ٹرین کی بوگیاں پٹڑی سے اتر گئے

چاغی (آن لائن) کوئٹہ سے زاہدان جانے والی مالبردار ٹرین کی بوگیاں پٹڑی سے اتر گئے ریلے

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

شاہ محمود قریشی کا ازبکستان کے وزیر خارجہ سے رابطہ، کشمیر، کورونا سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے ازبکستان کے وزیر خارجہ عبدالعزیز

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

کسی بیرونی یا اندرونی دباؤ میں نہیں آئینگے

اختر جان مینگل

کھڑکی توڑنے والا دہشتگرد لیکن ملک کا آئین توڑنے والا دہشتگرد نہیں، پہلے ملک کے آئین کو توڑنے والے کو دہشت گرد قرار دیں پھر ہم بل کا ساتھ دیں گے

بلوچستان میں موٹروے تک نہیں، سی پیک سے بلوچستان کو نکال دیا جائے تو اس کی کوئی اہمیت نہیں رہے گی، سربراہ بی این پی مینگل

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل نے کہا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن میں بلوں کی منظوری پر اتفاق رائے پیدا ہو رہی ہے لیکن بلوچستان نیشنل پارٹی اس اتفاق رائے میں شامل نہیں ہم کسی چلتی گاڑی کے مسافر نہیں کہ ایک سے اتریں اور دوسری میں بیٹھ جائیں، کسی بیرونی یا اندرونی دباؤ میں نہیں آئینگے، کھڑکی توڑنے والا دہشتگرد لیکن ملک کا آئین توڑنے والا دہشتگرد نہیں، پہلے ملک کے آئین کو توڑنے والے کو دہشت گرد قرار دیں پھر ہم بل کا ساتھ دیں گے، بلوچستان میں موٹروے تک نہیں، سی پیک سے بلوچستان کو نکال دیا جائے تو اس کی کوئی

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

بولان قومی شاہراہ پر وین حادثے کا شکار چار افراد جاں بحق سات زخمی

جیکب آباد سے کوئٹہ جانیوالی مسافر وین BMA765 بولان قومی شاہراہ مقام دوزان مچھ کے قریب حادثہ کا شکار ہو کر کھائی میں جا گری

بولان (این این آئی) بولان قومی شاہراہ پر وین حادثے کا شکار چار افراد جاں بحق سات زخمی، حادثہ قومی شاہراہ کے مقام پر پیش آیا مسافر وین جیکب آباد سے کوئٹہ جا رہی تھی جاں بحق افراد میں تین کا تعلق خضدار اور ایک کا جعفر آباد سے تعلق بتایا جاتا ہے تفصیلات کے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے چیئرمین سینٹ محمد صادق سنجرانی نے وزیر اعلیٰ سیکریٹریٹ میں ملاقات کی

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے چیئرمین سینٹ محمد صادق سنجرانی نے وزیر اعلیٰ سیکریٹریٹ میں ملاقات کی، دونوں رہنماؤں نے سیاسی و دیگر امور، بلوچستان کی ترقی اور کورونا وائرس کی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے دیگر معاملات پر تبادلہ خیال کیا، وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر صوبے میں جاری

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیر اعظم عمران خان اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد: وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی سے پاکستان میں تعینات افغان سفیر عاطف مشعل کی وزارت خارجہ میں اولوالی ملاقات کر رہے ہیں

ملک میں متبادل توانائی پر 20 فیصد انحصار کرنے کا فیصلہ

مذکورہ پالیسی کے تحت ہم آئندہ 15 برس میں بجلی کی دستیابی اور اس کی قیمت میں نمایاں فرق ہوگا

تمام مشینری اور آلات کی درآمد ٹیکس فری ہوگی، جتنی بجلی بنے گی اتنی کی ادائیگی ہوگی، مشترکہ پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے ملک میں توانائی کے بحران کو کنٹرول کرنے کیلئے 20 فیصد رینیوایبل انرجی (قابل تجدید توانائی) پالیسی پر انحصار کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ مشترکہ مفادات کونسل نے قابل تجدید توانائی پالیسی پر ہے، 2030 تک متبادل ذرائع توانائی سے 30 فیصد بجلی حاصل کی جائے گی، قابل تجدید توانائی کی پیداوار بڑھانے کیلئے نئے منصوبوں کیلئے بولی کریں گے، اس سے صنعت اور گھریلو صارفین کو فائدہ ہوگا، امید ہے مذکورہ پالیسی کے تحت ہم

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

سیلابی آفات سے متاثرہ علاقوں میں غیر معمولی ہنگامی اقدامات کی اشد ضرورت ہے، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی

صحت کے شعبے میں کام کرنے والے تمام پروگرامز کے ذمہ داران اور محکمہ صحت کے مقامی انتظامی یونٹس مل جل کر مشترکہ اقدامات اٹھائیں

کوئٹہ (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ورٹیکل پروگرامز اور محکمہ صحت کے مقامی انتظامی یونٹ باہمی تعاون اور قریبی رابطہ کاری کے عمل کو مربوط بناتے

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

مستقبل کے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے پاکستان کو ڈیجیٹلائزیشن کے عمل میں تیزی لانے کی ضرورت ہے، عارف علوی

نوجوان آبادی پر مشتمل ملک ہونے کی حیثیت سے پاکستان آئی ٹی گریجویٹس کی طلب پوری کر سکتا ہے، خطاب

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ مستقبل کے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے پاکستان کو ڈیجیٹلائزیشن کے عمل میں تیزی لانے کی ضرورت ہے، پاکستان اور دنیا بھر میں آئی ٹی گریجویٹس کی بہت زیادہ مانگ ہے اور نوجوان آبادی پر

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

سلوگن

اس بات پر سب متفق ہیں کہ کرونا ابھی باقی ہے، پھر تو اس کے لیے احتیاطی تدابیر اپنانے پر بھی مکمل اتفاق ہونا چاہیے۔ اگر کرونا کی موجودگی کے باوجود کوئی غفلت پر مبنی بے خطری کا مظاہرہ کرتا ہے تو وہ اپنی آور دوسروں کی زندگیوں سے کھیل رہا ہوتا ہے۔ بہتر یہی ہے کہ کرونا سے محفوظ رہنے کیلئے ماسک، سینیٹائزر کیا استعمال کو عادت بنالیں، سماجی فاصلہ برقرار رکھنے میں عمل کریں۔ تاکہ قومی ذمہ داری نبھانے میں سرخرو ہوں۔

ملک کی تعمیر و ترقی میں اقلیتی برادری کا کردار قابل تحسین ہے

اسپیکر قومی اسمبلی

پاکستان میں بسنے والی تمام اقلیتیں پاکستان کا نام دنیا بھر میں روشن کرنے میں ہمیشہ کردار ادا کرتی رہیں گی

قومی اسمبلی ہال میں پاکستان کا غباروں سے پرچم تیار کرنا اور اسے پاکستان کے نام کرنا میری دلی خواہش تھی، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اقلیتی برادری کا کردار ناقابل تسلیم ہے، ڈاکٹر رمیش کمار نے پاکستان کی قومی اسمبلی میں غباروں سے دنیا کا بڑا پرچم بنانے کا عالمی ریکارڈ قائم کیا ہے یہ ان کی پاکستان کے ساتھ اپنی گہری محبت اور عقیدت کا اظہار ہے جس پر پوری پاکستانی قوم انہیں کے اس والہانہ جذبے اور محبت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے روز پارلیمنٹ ہاؤس میں رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر رمیش کمار کے اعزاز میں غباروں سے دنیا کا سب بڑا پرچم بنانے اور گینز بک آف ورلڈ ریکارڈ میں شامل ہونے کے کوسرٹیفکیٹ کو اسپیکر قومی اسمبلی کو پیش کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر رمیش کمار کی کاوش کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کا اظہار کیا کہ پاکستان میں بسنے والی تمام اقلیتیں پاکستان کا نام دنیا بھر میں روشن کرنے میں ہمیشہ کردار ادا کرتی رہیں گی۔ ڈاکٹر رمیش کمار نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

نوجوان ہمارے روشن مستقبل کے معمار ہیں، وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز

گندم کا جہاز 24 اگست کو پاکستان پہنچ جائے گا جس کے بعد گندم کی کمی کا سامنا نہیں ہوگا

وزیر اعظم ہر ہفتے پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس بلاتے ہیں جس میں اشیائے خوردنی کی قیمتوں کا جائزہ لیا جاتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے نوجوانوں کے عالمی دن کے حوالے سے کہا ہے کہ نوجوان ہمارے روشن مستقبل کے معمار ہیں۔ ایک بیان میں وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ حکومت وزیر اعظم کی کامیاب جوان پروگرام کے تحت انہیں دور حاضر کے تمام مواقع فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہے تاکہ وہ کارآمد شہری بن کر ملکی ترقی کی راہ استوار کر سکیں۔ دریں اثناء وفاقی وزیر اطلاعات شبلی فراز نے کہا ہے کہ گندم کا جہاز 24 اگست کو پاکستان پہنچ جائے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

صوبے کی عوام آج بھی مسلم لیگ (ن) کے ساتھ ہے، جمال شاہ کاکڑ

مسلم لیگ (ن) یوم آزادی پر بلوچستان بھر میں اپنی عوامی قوت کا مظاہرہ کریگی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) یوم آزادی پر بلوچستان بھر میں اپنی عوامی قوت کا مظاہرہ کریگی صوبے کی عوام آج بھی مسلم لیگ (ن) کے ساتھ ہے انشاء اللہ بلوچستان مسلم لیگ (ن) کا گہوارہ بنے گا اور اگلی بنیاد 14 اگست کو رکھی جائیگی۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو چیف آف جھالاوان سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ زہری سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان مسلم لیگ (ن) کا گہوارہ رہا ہے صوبے کی عوام نے مسلم لیگ (ن) کو پہلے بھی مینڈیٹ دیا تھا اور آنے والے وقت میں بھی دیں گے۔

اسلام آباد: مشیر خزانہ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ اقتصادی رابطہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان میں معلومات تک رسائی 2020 بل کابینہ سے منظور

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں معلومات تک رسائی 2020 بل کابینہ سے منظور، بدھ کو وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیر صدارت منعقد ہونے والے صوبائی کابینہ کے اجلاس میں کابینہ نے معلومات تک رسائی بل 2020 کی منظوری دیدی اس سے قبل بلوچستان میں معلومات تک رسائی 2005 بل موجود تھا۔

حکومت بلوچستان نے بلوچستان انوسٹمنٹ گائیڈ تیار کر لی

جسے وزارت خارجہ حکومت پاکستان نے چینی سفارتخانے سمیت 30 مشنز کو ارسال کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے بلوچستان انوسٹمنٹ گائیڈ تیار کر لی جسے وزارت خارجہ حکومت پاکستان نے چینی سفارتخانے سمیت 30 مشنز کو ارسال کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ نے صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے بلوچستان انوسٹمنٹ گائیڈ تشکیل دی ہے جس میں صوبے میں سرمایہ کاری کے مواقعوں اور شعبوں کی نشاندہی کی گئی ہے گائیڈ میں سرمایہ کاروں کو قوانین، ٹیکسز سمیت دیگر اہم امور پر بھی معلومات فراہم کی گئی

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

کسٹم کوئٹہ کی کارروائی 20000 ہزار کلوگرام چھالیہ برآمد

کوئٹہ (این این آئی) کسٹم کوئٹہ کی کارروائی 20000 ہزار کلوگرام چھالیہ برآمد کسٹم کوئٹہ کے اہلکاروں کے مطابق کسٹم کوئٹہ نے لکپاس کے مقام پر کارروائی کرتے ہوئے کسٹم چیک پوسٹ پر ایل پی جی ٹیس باؤزر سے دوران تلاشی 20000 ہزار کلوگرام چھالیہ برآمد کر لیں،

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

وزیر اعظم جب وزیر اعلیٰ پنجاب کو کہیں گے وہ استعفیٰ دیں گے

فواد چوہدری

پولیس نظام میں اصلاحات ہونی چاہیے، عام آدمی کے ساتھ پولیس کیا حال کرتی ہے

صوبوں میں وسائل کی منصفانہ تقسیم بہت ضروری ہے، جتنا مسئلہ کراچی، اتنا دوسرے شہروں کا بھی ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا ہے کہ سردار عثمان بزدار اپنے قد پر نہیں کھڑے، انہیں چیف منسٹر وزیر اعظم نے بنایا، وہ جب کہیں گے تو وہ استعفیٰ دیدیں گے، اگر استعفیٰ نہیں دیں گے تو چوبیس گھنٹے میں فارغ ہو جائیں گے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ مریم نواز نے خود کہا کہ لوگوں کا شکوہ گلا تھا کہ ہم خاموش ہیں، انہوں نے اپنے ووٹرز کو بھی تو مطمئن کرنا ہے، دو، چار دن بعد لوگ یہ واقعہ بھول جائیں گے۔ ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پولیس نظام میں اصلاحات ہونی چاہیے، عام آدمی کے ساتھ پولیس کیا حال کرتی ہے۔ تفتیشی نظام کی وجہ سے لوگوں کا انصاف پر اعتبار نہیں رہا، ہم نے ابھی تک جو ایشل سسٹم ریفارمز کے لیے کچھ نہیں کیا۔ احتساب کے بیانیے پر کافی پراہلم آ رہا ہے، دو سال ہو

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

ن لیگ باجماعت جھوٹ بولنے آ جاتی ہے، بنا سر پیر کی بات کرنا اور الزامات لگانا انکا وطیرہ ہے، شہباز گل

مریم بی بی نیب میں پیش ہونے نہیں حملے کی قیادت کرنے آئی تھیں، آپ نے کبھی کھوشو دہشتگرد کا نام نہیں لیا، معاون خصوصی

اسلام آباد (این این آئی) معاون خصوصی برائے سیاسی رابطہ ڈاکٹر شہباز گل نے احسن اقبال کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ن لیگ باجماعت جھوٹ بولنے آ جاتی ہے، بنا سر پیر کی بات کرنا اور الزامات لگانا انکا وطیرہ ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ مریم بی بی نیب میں پیش ہونے نہیں حملے کی قیادت کرنے آئی تھیں، آپ نے کبھی کھوشو دہشتگرد کا نام نہیں لیا۔ شہباز گل نے کہا کہ ہندوستان میں دہشتگردی میں پاکستان کو ملوث قرار دینا آپکا کارنامہ تھا،

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز پریس کانفرنس کر رہے ہیں

نیازی نیب گڈ جوڑ سے لاہور نیب افس میں مریم نواز پر پولیس گردی کی گئی

یعقوب ناصر

نیازی نیب گڈ جوڑ کے اشتراک سے لاہور نیب افس میں مریم نواز پر پولیس گردی کی گئی جسکی شدید مذمت کرتا ہوں

مریم نواز کو نیب نے طلب ہی اسی لیئے کیا تھا کہ کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش ہو پولیس عوام کی حفاظت کی بجائے اسکی دشمن بن گئی، سینیٹر

لوہرلائی (این این آئی) مسلم لیگ ن کے سینیٹر مرکزی نائب صدر و سینٹ کے اسٹینڈنگ کمیٹی برائے بین الصوبائی رابطہ کمیٹی کے چیئرمین سینیٹر سردار یعقوب خان ناصر نے کہا ہے کہ نیازی نیب گڈ جوڑ کے اشتراک سے لاہور نیب افس میں مریم نواز پر پولیس گردی کی گئی جسکی شدید مذمت کرتا ہوں واقعہ میں پولیس نے مریم نواز کو اصل ٹارگٹ کیا لیکن وہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بال بال بچ گئی اور پتھر سے انکی گاڑی کے فرنٹ کے شیشے ٹوٹ گئے انہوں نے کہا کہ مریم نواز کو نیب نے طلب ہی اسی لیئے کیا تھا کہ کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش ہو پولیس عوام کی حفاظت کی بجائے اسکی دشمن بن گئی پی ایم

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

عوام سے جو وعدے کئے ہیں انہیں عملی جامہ پہنایا ہے

نور محمد دمڑ

ہرنائی سنجاوی کے درمیان ندی نالوں پر رابطہ پلوں کی تعمیر سے ضلع ہرنائی کے تاجروں، زمینداروں، ٹرانسپورٹروں، عوام کو مون سون کے دوران شاہراہ کی بندش کا سامنا نہیں ہوگا

پلوں کی تعمیر سے ہرنائی کے عوام کے پیدرینہ اور اجتماعی مسئلہ حل ہو جائے گا، ہم نے اپنے حلقے کے عوام سے جو وعدے کئے ہیں انہیں عملی جامہ پہنانے کیلئے دن رات کوشاں ہوں، صوبائی وزیر

ہرنائی (این این آئی) پی ایس پی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر پی ایچ ڈی، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کا دورہ ہرنائی کے دوران ہرنائی کے اہم قومی شاہراہ ہرنائی سنجاوی کے درمیان ندی نالوں پر رابطہ پلوں کی تعمیر اور ہرنائی کے تاجروں، زمینداروں، ٹرانسپورٹروں، عوام کو مون سون کے دوران شاہراہ کی بندش کا سامنا نہیں ہوگا ہرنائی سنجاوی کے درمیان قومی شاہراہ جو کہ مختلف مقامات پر ندی پر سے گزرتا ہے خصوصاً 8 میل ندی اور تنگی ورندی پر رابطہ پل نہ ہونے کی وجہ سے مون سون کے دوران شاہراہ پر ٹریفک کی آمد رفت معطل ہو جاتی ہے جس سے زمینداروں، ٹرانسپورٹروں، کوئل مائنرز اور زمین سمیت عوام کو شدید مالی نقصان اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ میں مسلح افراد نے فائرنگ کر کے 2 افراد کو قتل کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ میں مسلح افراد نے فائرنگ کر کے 2 افراد کو قتل کر دیا ایدھی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز ضلع قلعہ عبداللہ کے علاقے میزئی اڈہ میں مسلح افراد نے فائرنگ کر کے دو افراد محمد آغا اور عبدالنافع کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے لاشوں کو ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دیا مزید کارروائی متعلقہ انتظامیہ کر رہی ہے۔

بولان میں سیلاب سے متاثر ہونے والی سوئی سدرن گیس کمپنی کی 12 انچ قطر کی پائپ لائن کی مرمت کا کام شروع

کوئٹہ (این این آئی) بولان میں سیلاب سے متاثر ہونے والی سوئی سدرن گیس کمپنی کی 12 انچ قطر کی پائپ لائن کی مرمت کا کام شروع کر دیا گیا، ترجمان سوئی سدرن گیس کمپنی کے مطابق بدھ کو بولان میں بی پی ٹی پل کے مقام پر سیلاب سے متاثر ہونے والی 12 انچ

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

محکمہ تحفظ ماحولیات کی صوبے بھر میں کارروائی کوئٹہ، تربت اور پشین میں 30 غیر قانونی کرشر پلانٹ اور 100 چاول مل سیل 16 پلانٹس کے این او سی منسوخ

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ تحفظ ماحولیات کی صوبے بھر میں کارروائی کوئٹہ، تربت اور پشین میں 30 غیر قانونی کرشر پلانٹ اور 100 چاول مل سیل 16 پلانٹس کے این او سی منسوخ۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے اپنے ایک ٹوئٹ میں کہا ہے کہ بلوچستان میں تحفظ ماحولیات کے لئے مربوط اقدامات کئے جا رہے ہیں

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

وفاقی و صوبائی حکومتیں عوام کی معیار زندگی بلند کرنے میں اقدامات کر رہی ہیں

صدیق سنجرانی

وفاقی بجٹ میں ضلع چاغی کی تعمیر و ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے خطیر فنڈز کی منظوری ہوئی ہے

ضلع چاغی کی تعمیر و ترقی میں بھرپور کردار ادا کرینگے عوام کی ترقی و خوشحالی کیلئے اجتماعی ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھایا گیا ہے، چیئرمین سینٹ

نوکنڈی (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں عوام کی معیار زندگی بلند کرنے میں اقدامات کر رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے نوکنڈی کے قبائلی رہنماؤں الحاج میر امین اللہ مینگل اور حاجی امان اللہ مینگل سے بات چیت کرتے ہوئے کیا چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے کہا کہ وفاقی حکومت میں ضلع چاغی کی تعمیر و ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے خطیر فنڈز کی منظوری ہوئی ہے انہوں نے کہا انفوٹیک، ایجوکیشن سمیت مواصلات کی میدان میں بہتری آنے سے عوام کے مسائل انکے دہلیز میں حل ہونگے انہوں نے کہا چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے کہا کہ وفاقی بجٹ میں ضلع چاغی کی تعمیر و ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے خطیر فنڈز کی منظوری ہوئی ہے انہوں نے کہا انفوٹیک، ایجوکیشن سمیت مواصلات کی میدان میں بہتری آنے سے عوام کے مسائل انکے دہلیز میں حل ہونگے انہوں نے کہا ضلع چاغی کی تعمیر و ترقی میں بھرپور کردار ادا کرینگے عوام کی ترقی و خوشحالی کیلئے اجتماعی ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھایا گیا ہے انہوں نے کہا کہ نوکنڈی سمیت ضلع چاغی میں اربوں روپے کی ترقیاتی

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

نوجوانوں نے خوابوں کو پورا کرنے کے لئے درست قدم اٹھایا تو روشن کل ان کا ہے، بلاول بھٹو زرداری

پاکستان ان ممالک میں شامل ہے جہاں نوجوانوں کی آبادی کا تناسب سب سے زیادہ ہے

نوجوانوں کو حقیقی معنوں میں بااختیار بنانا اور انہیں ملکی معاملات میں شراکت دار بنانا پیپلز پارٹی کا منشور ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پاکستان کی اکثریت نوجوانوں پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ مستقبل ان کا ہے، اگر اپنے خوابوں کو پورا کرنے کے لئے درست قدم اٹھائے تو روشن کل بھی آپ کا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نوجوانوں کے عالمی دن کے موقعے پر اپنے پیغام میں کیا ہے، جو آج (جمعہ) دنیا بھر میں منایا جا رہا ہے۔ پاکستانی آبادی کا 64 فیصد افراد کی عمر 30 سال سے کم

روزنامہ شال کوئٹہ
SHAL
www.dailyshal.pk

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

13 اگست 2020ء

کوئٹہ سمارٹ سٹی فیز ٹو میں تبدیل کرنے کی منظوری

صوبائی حکومت کوئٹہ کی ترقی اور بہتری کے لئے اقدامات کر رہی ہے انشاء اللہ کوئٹہ کو ہم اسکا مقام دیں گے، یہ بات انہوں نے اپنے ایک ٹویٹ میں کہی۔ کوئٹہ سے بلوچستان عوامی پارٹی کا کوئی بھی رکن اسمبلی نہیں ہے لیکن ہم کوئٹہ کی ترقی کے لئے 20 ارب روپے خرچ کر رہے ہیں دارالحکومت کو کسی بھی سیاسی جماعت یا سیاسی نظریے سے بالاتر ہو کر دیکھنا چاہیے کوئٹہ ہم سب کا شہر ہے اور ہم اسے بہتر بنانے کے لئے ہر ممکن اقدام کر رہے ہیں انشاء اللہ کوئٹہ کو اسکا جائز مقام دیا جائیگا جو اس کا حق ہے کوئٹہ سیف سٹی پروجیکٹ فیز ون کو کوئٹہ سمارٹ سٹی فیز ٹو میں تبدیل کرنے کی منظوری دے دی گئی ہے جو پاکستان کا پہلا سمارٹ سٹی پروجیکٹ ہوگا اور ڈیجیٹل کوئٹہ کے طور پر ڈیجیٹلائزڈ سیکیورٹی کے امور کی انجام دہی کرے گا، کابینہ نے سیف سٹی پروجیکٹ فیز ون کو بلوچستان پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کے بورڈ کی سفارش کی روشنی میں پی پیرا قواعد سے مستثنیٰ کرنے کی منظوری بھی دی، کابینہ نے کریمنل پروسیجر 1898 بلوچستان ترمیمی بل 2020 کے مسودہ کی منظوری بھی دی جس کا مقصد سول انتظامیہ کو عوامی امور سے نمٹنے کے لئے اختیارات کی فراہمی ہے، کابینہ نے محکمہ معدنیات کے تحت مائنز لیبر ویلفیئر آرگنائزیشن کے زیر انتظام سکولوں کے 219 اساتذہ کی اپ گریڈیشن کی منظوری بھی دی، وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر سیکریٹری معدنیات کو ان 29 سکولوں کو چھ ماہ کے اندر ماڈل طرز پر معیاری بنانے کی ہدایت کی، کابینہ نے پی واسا کے بائی لاز کی منظوری بھی دی جبکہ واسا حکام کو واسا کے تحت نکاسی آب کے نظام کے لئے علیحدہ بائی لاز پیش کرنے کی ہدایت کی گئی، کابینہ نے کوئٹہ شہر میں ٹیوب ویلوں کی تنصیب کو واسا کے این او سی سے مشروط قرار دینے سے اتفاق کیا، اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے محکمے والوں سے پانی فراہم کرنے والے ٹینکر مافیا کے خلاف کارروائی کرنے اور واسا کے وسائل میں اضافہ کے لئے اقدامات کرنے کی ہدایت کی، پانی کی فراہمی نکاسی آب کے نظام کی بہتری اور شہر کی ترقی کے ذمہ دار تمام اداروں کو مشترکہ لائحہ عمل تیار کرنا ہوگا، اگر ہم نے بلوچستان کے ساتھ بھلائی کرنی ہے تو پھر اپنے نظام اور طریقہ کار کو بہتر بنانا ہوگا اور صوبے اور یہاں کے عوام کے مفادات کو ہر چیز سے مقدم رکھنا ہوگا، وزیر اعلیٰ نے کہا کہ گذشتہ چند سالوں میں صوبے میں یونیورسٹیوں اور یونیورسٹی کیمپسز میں اضافہ ہوا ہے جس سے نوجوانوں کو بہتر تعلیم کے مواقع مل رہے ہیں اور پڑھے لکھے نوجوان کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے، ہم نے اپنے ان پڑھے لکھے نوجوانوں کو بہتر مستقبل دینے کی منصوبہ بندی کرنا ہے اور نوکریوں میں میرٹ اور صلاحیت کو فروغ دینا ہے تاکہ مقدر نوجوانوں کو ان کا حق مل سکے۔

کیا 14 اگست 2020 اپنے ساتھ کوئی نوید لائے گی؟

عزیز بھائیوں اور بہنوں، اسلام علیکم!
مستقبل کے بارے میں ماضی قریب میں جائے بغیر پیشگوئی کرنا مشکل ہے۔ تو لیجئے!:

نرگس لطیف

آج سے چند سال پہلے امریکہ کے ایک منجھے ہوئے صحافی ٹام ہاٹن نے چاندی ٹیکنالوجی کے متعلق اپنے ایک تفصیلی مضمون میں انکشاف کیا تھا کہ پاکستان سے ایک "HI-TECH INNOVATION" ہوئی ہے۔ یورپ کے کئی ویب سائٹس (جو فن تعمیر اور ایجادات سے منسلک ہیں) پر دیکھا گیا۔ نیز پاکستان اور دنیا کے بڑے بڑے چینلز (جیسا کے سی این این، الجزیرہ، اس آف امریکہ) نے اسکی خوب تشہیر کی۔

یہاں ہم یہ بھی واضح کرنا چاہیں گے کہ گل بہاؤ ادارے نے پاکستان کی بری فوج کے ساتھ مل کر پاکستان کے کئی مقامات پر جیسا کے سپر ہائی وے (کراچی) مانسہرا (خیبر پختونخوا) منظر گڑھ (پنجاب) آوارا ان (بلوچستان) میں اس ٹیکنالوجی کو استعمال کر چکے ہیں۔

اس پس منظر میں ہم آئندہ سالوں کے بارے میں کچھ پیشگوئی کر سکتے ہیں۔

یہاں ہمارے پاس موبائل فون کی مثال بھی ہے جو کہ شروع میں صرف ایک فون تھا جس سے اب مختلف قسم کے کام لئے جاتے ہیں۔

اور جس طرح سے موبائل فون، غریب و امیر، شہر و دیہات، مرد و عورت، ہر شعبے پر چھایا ہوا ہے، اسی طرح چاندی ٹیکنالوجی بھی اللہ کے فضل سے انسانوں کی فلاح کا ذریعہ بننے والا ہے۔

چاندی ٹیکنالوجی کیا ہے؟

چاندی ٹیکنالوجی Metallized Film (پنی) کے بلاک اور Thermopole تھرماپول کے پینل پر مبنی ہیں۔

اب تک کے تجربات کے مطابق چاندی ٹیکنالوجی میں ذیل کی انوکھی خوبیاں ہیں:

1) (پلاسٹک ہونے کی وجہ سے) تمام تعمیراتی بلاکوں سے کئی باتوں میں افضل ہے۔ خاص طور سے جہاں صفائی درکار ہے۔ یہ جراثیم یا کسی بھی قسم کے جاندار اجزاء سے پاک ہوتے ہیں۔ نیز طوفان، آندھی، بارش، بکھرتی زمین میں پائدار ترین ہیں۔

2) پتھر نما بلاکوں سے، کم سے کم وقت میں (محض گھنٹوں میں) کمرہ تیار ہو جاتا ہے! بنا بنایا ہونے کی وجہ سے اسکی قیمت نسبتن کم ہے۔

3) اسکے کمرے گرمی میں ٹھنڈے اور سردی میں گرم۔ نیز یہ رہنے کے لئے بے حد آرام دے ہیں۔

4) سب سے بڑی خوبی انکا موبائل اور modular (اپنی ہیئت بدلنا) ہے۔

اسکی بدولت اب موبائل فیکٹری، موبائل ہسپتال، موبائل گھر جلد منظر عام پر آنے والے ہیں۔

نیز چاندی گھر کو علیحدہ (تور کر) منٹوں میں فرنیچر (بستر کرسی، ٹیبل وغیرہ) یا پانی کے حوض میں تبدیل کیا جا سکتا ہے۔

5) تجریدی عمل کو اپناتے ہوئے ایک کمرے سے مزید چار کمروں کا اضافہ با آسانی ہو جاتا ہے۔

6) چاندی ٹیکنالوجی یوں تو تمام شعبوں میں کار آمد تو ہے ہی لیکن زراعت کے شعبہ میں اور دیہات میں (کیڑے اور ہر قسم کے جراثیم سے پاک ہونے کی وجہ سے) بے حد کارآمد ثابت ہوگا۔

7) بلاکوں کا کارخانہ کم سے کم سرمایہ کاری سے تیار ہو سکتا ہے۔

8) اس ٹیکنالوجی کے استعمال کی بڑی خوبی یہ ہے کہ ضائع شدہ ("کچرا") اب بڑی آسانی سے تلف ہو جایا کرے گا۔

9) تھرماپول پینل سے تجربے کرتے کرتے، اب چاندی ٹیکنالوجی میں ایک اور اضافہ ہو گیا ہے۔ وہ کیا ہے؟ 45 منٹ والا کمرہ۔

یعنی ایک گھنٹے سے کم وقت میں لگنے والا کمرہ۔ پینل چونکہ نسبتاً ہلکے ہوتے ہیں، انہیں کھڑا کرنا بھی آسان ہوتا ہے۔ البتہ، یہ خیموں سے زیادہ ٹھوس ہوتے ہیں۔

یہ تاریخی حقیقت ہے کہ جب مغرب میں ایجادوں کا سلسلہ شروع ہوا تو صنعتی انقلاب برپا ہو گیا۔

چاندی ٹیکنالوجی (جو کہ کراچی کی ایجاد ہے) سے کیا یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ اس سے پاکستان میں معاشی انقلاب اور دنیا میں فنی انقلاب آ سکتا ہے؟

25 سالوں پر محیط تحقیق،
سویں نوجوانوں کی حضر مندی، جفاکشی،
نیز کروڑوں روپے خرچنے کی بدولت،
اس سوال کا جواب اب مشکل نہیں!
اللہ ہمارا حامی و ناصر ہو!

مریم نواز اور مسلم لیگ (ن) کی سیاست

اگر کوئی کہے کہ مریم نواز کو نیب کی پیشی پر بڑی ریلی کی صورت میں جانے کی بجائے اسی سادگی سے جانا چاہئے تھا جیسے شہباز شریف گئے تھے، تو اسے شاید

نسیم شاہد

اس فرق کا علم نہیں جو شہباز شریف اور مریم نواز میں موجود ہے۔ مریم نواز، سابق وزیر اعظم نواز شریف کی بیٹی ہی نہیں ان کی سیاسی جانشین بھی ہیں۔ شہباز شریف ہوں یا حمزہ شہباز وہ مریم نواز کا متبادل نہیں ہو سکتے۔ مریم نواز خاموش تھیں تو مسلم لیگ ن بھی متحرک نہیں تھی، کل وہ نیب میں پیشی کے لئے نکلیں تو جاتی عمرہ سے لے کر نیب آفس تک مسلم لیگی کارکنوں کا جم غفیر نکل آیا گویا یہ کہنے میں کوئی مضائقہ نہیں کہ مریم نواز میں آج بھی یہ صلاحیت موجود ہے کہ اپنے حامیوں کو سڑکوں پر لا سکیں، جبکہ شہباز شریف اس معاملے میں تہی دست نظر آتے ہیں۔

سوال تو یہ بھی ہے کہ نیب کو بیٹھے بٹھائے مریم نواز کو طلب کرنے کا خیال کیسے آ گیا وہ خاموش تھیں اور منظر سے بھی غائب تھیں، انہیں منظر پر لانے کی نیب نے جو کوشش کی ہے، اس پر کسے داد دی جائے، یہ سکہ پٹ کون لکھتا ہے اور ٹھہرے پانی میں پتھر کون پھینکتا ہے۔ سڑکوں پر طاقت کے مظاہرے کو ترسی ہوئی مسلم لیگ ن نے یہ فیصلہ سوچ سمجھ کے کیا کہ مریم نواز کو ریلی کی صورت نیب آفس لے جانا ہے اس سے ایک بار پھر یہ تاثر قائم ہو گیا کہ مسلم لیگ ن زندہ ہے اور پنجاب کے دل لاہور میں اس کے حامیوں کی تعداد کم نہیں ہوئی۔ نیب کی تفتیش اور تحقیقات کئی کئی سال چلتی ہیں وہ اس معاملے کو بھی التواء میں ڈال سکتا تھا، مگر ایک ایسے موسم میں جب اپوزیشن عوامی حمایت حاصل کرنے کے جتن کر رہی ہے اور اس کے اندر کوئی تحرک نظر نہیں آتا، نیب نے مریم نواز کو بلا کر یہ واضح کر دیا ہے کہ اب بھی مریم نواز چاہے تو سیاسی میدان میں ہلچل مچا سکتی ہے۔ تاہم یہ غالباً شریف خاندان کی مرضی نہیں کہ فی الوقت مریم نواز کے ذریعے کوئی تحریک منظم کی جائے، البتہ طاقت کا مظاہرہ کرنے کے اس موقع سے انہوں نے بھرپور فائدہ اٹھایا ہے سب جانتے ہیں کہ نواز شریف کے ساتھ اگر کسی کا مسلسل رابطہ ہے تو وہ مریم نواز ہیں۔

انہوں نے نیب میں پیشی کا فیصلہ بھی نواز شریف کے مشورے سے کیا ہوگا۔ پھر یہ فیصلہ بھی نواز شریف کی مرضی ہی سے ہوا ہوگا کہ انہیں ایک ریلی کی صورت میں نیب آفس جانا چاہئے۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ مسلم لیگ ن کی طرف سے شہباز شریف یا حمزہ شہباز کی نیب میں پیشی کے موقع پر کبھی یہ کال نہیں دی گئی کہ کارکن جاتی عمرہ یا ماڈل ٹاؤن اور نیب آفس پہنچ جائیں، ایسا صرف مریم نواز کی پیشی پر کیا گیا، اس کا مطلب ہے مسلم لیگ ن عملاً مریم نواز قیادت میں چل رہی ہے اور مستقبل میں بھی ہر بڑا فیصلہ مریم نواز ہی نواز شریف کی مشاورت سے کریں گی۔ یہ بات بھی کھل گئی ہے کہ مسلم لیگ ن میں کوئی دھڑے بندی نہیں اور ایک ہی دھڑا ہے جسے نواز شریف اور مریم نواز کی حمایت حاصل ہے۔

پاکستانی سیاست میں یہ کوئی انہونی بات نہیں کہ تمام تر الزامات کے باوجود کوئی سیاسی جماعت عوامی مقبولیت بھی رکھتی ہے اور لوگ اس کے لئے باہر نکلنے کو بھی تیار ہیں، شخصیات کے بارے میں بھی پاکستانی عوام کا رویہ کچھ اسی قسم کا ہے۔ آپ کرپشن کے لاکھ الزامات لگائیں، گرفتار کریں یا سزا دیں، مگر ایسا نہیں ہو سکتا کہ اس کی بنیاد پر لوگ اس کی حمایت چھوڑ دیں۔ بے نظیر بھٹو شہید کی مثال ہی کو دیکھیں۔ ان پر کتنے الزامات لگے، حکومت تک بدعنوانی پر برطرف کر دی گئی مگر عوام انہیں دوبارہ اقتدار میں لے آئے۔ آصف زرداری کو دیکھیں، مسٹر ٹین پرسنٹ کا خطاب پانے والے نے بے نظیر بھٹو کی قیادت کے بعد پیپلز پارٹی سنبھالی، اسے اقتدار دلوایا اور خود بھی صدر مملکت بن گئے۔

نواز شریف بھی بار بار اقتدار میں آئے اور نکالے گئے، لیکن عوام کی حمایت انہیں حاصل رہی اس لئے اگر کوئی سمجھتا ہے کہ کسی سیاستدان کو اسٹیبلشمنٹ گندہ کر کے پاکستان سے نکال باہر کرے گی تو وہ غلط ہے۔ اسٹیبلشمنٹ صرف حکومت سے باہر کرتی ہے، سیاست سے باہر کرنا اس کے بس کا روگ نہیں پاکستانی عوام کی نفسیات کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ وہ اس بات سے زیادہ متاثر نہیں ہوتے کہ کس نے کتنا ملک لوٹا ہے وہ یہ دیکھتے ہیں کہ کس نے ان کے لئے کیا کیا ہے۔ آج جب پاکستان میں حد درجہ مہنگائی ہے، بے روزگاری اور بھوک ننگ ہے تو انہیں ماضی کا پاکستان یاد آتا ہے، جس میں بے شک لوٹ مار تھی لیکن عوام کو سہولتیں پہنچانے کا ایک طریقہ، کار بھی ساتھ ساتھ رکھا گیا تھا۔

مجھے اس بات پر اکثر ہنسی آتی ہے جب کوئی وزیر یہ دعویٰ کرتا ہے کہ نواز شریف کی سیاست ختم ہو گئی ہے کسی سیاستدان کا اگر کوئی ایک حمایتی بھی موجود ہے تو اس کی سیاست کیسے ختم ہو سکتی ہے۔ یہاں تو پوری مسلم لیگ ن نواز شریف کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کے ملک میں نہ ہونے کے باوجود پارٹی پر انہی کا حکم چل رہا ہے۔ پھر سب نے یہ بھی دیکھا کہ جب نواز شریف پر برا وقت آیا تو مریم نواز ہی ان کے ساتھ کھڑی ہوئیں، ان کے بیانیئے کا ساتھ دیا اور اس کی پاداش میں قید بھی کاٹی، یہ سب کچھ تاریخ کا حصہ ہے اور اس سے انکار ممکن نہیں۔ اس لئے مسلم لیگ ن کا کارکن مریم نواز کے حکم سے متحرک ہو جاتا ہے تو اس میں حیرانی کی کوئی بات نہیں۔ لیڈر وہی ہوتا ہے جس کے کارکن اس کی بات سنیں، مسلم لیگ ن میں کارکن پہلے بھی نواز شریف کی بات مانتے تھے اور اب بھی ان کے نام کی مالا جپتے ہیں شہباز شریف ہوں یا حمزہ شہباز یا دیگر رہنما ان میں اتنی کشش نہیں کہ پارٹی کے تن مردہ میں جان ڈال سکیں۔ مریم نواز اس لئے کارکنوں کے دل میں بستی ہیں کہ وہ نواز شریف کی سیاسی جانشینی کا حق ادا کر چکی ہیں انہوں نے نواز شریف کے بیانیئے پر اعتراضات نہیں اٹھائے بلکہ آگے بڑھ کر ان کا ساتھ دیا۔

مسلم لیگ ن کا مسئلہ یہ ہے کہ اسے پیپلز پارٹی جیسی سہولت حاصل نہیں، پیپلز پارٹی میں بلاول بھٹو زرداری کی سیاسی وراثت پر کسی کو کوئی اعتراض نہیں تھا، سو انہیں پارٹی کا چیئرمین بنا دیا گیا۔ مسلم لیگ ن میں وراثت چچا اور بھتیجی میں معلق ہے۔ مریم نواز کے پاس عوامی حمایت ہے مگر شہباز شریف ان کی قیادت تسلیم کرنے کو تیار نہیں وہ حمزہ شہباز کی صورت میں پارٹی پر اپنی شاخ کو پھلتا پھولتا دیکھنا چاہتے ہیں، حالانکہ خود پارٹی کے اندر انہیں مزاحمت کا سامنا ہے۔ نواز شریف کا دو ٹوک اعلان اس ابہام کو ختم کر سکتا ہے، مگر وہ شاید ابھی اس بکھیڑے میں پڑنا نہیں چاہتے، جس کی وجہ سے پارٹی تعطل اور انتشار کے زمانے سے گزر رہی ہے، تاہم مریم نواز کی نیب میں پیشی نے اس بات کو پھر ثابت کر دیا ہے کہ مسلم لیگ ن میں اگر سیاسی جان موجود ہے تو وہ مریم نواز کی وجہ سے ہے کیونکہ وہ نواز شریف کی عدم موجودگی میں پارٹی کارکنوں کی آخری امید ہیں۔

دنیا کی امیر ترین کنواری عورت

2018 میں سوئٹزرلینڈ کے ایک مہنگے ترین اسٹور میں ایک سیاہ فام عورت داخل ہوئی۔ وہ سیاہ لباس، سیاہ چشمہ، سیاہ ہینڈ بیگ اور سیاہ سینڈل

آغا نیاز مگسی

پہنے ہوئی تھی۔ اس کی ایک بیگ پر نظر پڑی۔ اٹینڈنٹ اس کی جانب بڑھی اور بولی میں آپ کی کیا خدمت کر سکتی ہوں۔ اس نے کہا کہ مجھے یہ سامنے والا بیگ چاہیے جواب ملا یہ آپ کے لئے نہیں ہے، پوچھا کیوں، جواب ملا یہ بہت مہنگا ہے آپ کے تصور سے بھی زیادہ اس لیئے یہ آپ نہیں خرید سکتیں۔ وہ بضد ہوئی میں یہی بیگ خریدنا چاہتی ہوں۔ ان دونوں کی تکرار پر اسٹور کا منیجر آ گیا اس نے بھی اسے یہی سمجھایا کہ یہ آپ نہیں خرید سکتیں اسی قسم کا کوئی دوسرا بیگ آپ افریقہ سے خرید لیں۔ وہ عورت بولی میں اسے ہر قیمت پر خریدنا چاہتی ہوں آپ اس کی قیمت بتائیں۔ منیجر نے بتایا یہ 35 ہزار ڈالر کا بیگ ہے اور مگر مچھ کی کھال کا بنا ہوا ہے۔ سیاہ فام عورت نے اسی وقت قیمت ادا کر دی اور ہینڈ بیگ ان سے لے لیا۔ اسی دوران اسٹور کا مالک بھی آ گیا اور حیران ہو کر اس سے اس کا تعارف پوچھا۔ عورت کے تعارف پر سب اس کے احترام میں کھڑے ہو گئے یہ سیاہ فام عورت دنیا کے سب سے بڑے پروڈکشن ہاؤس Oprah (O W N) Network, Winfrey کی مالک، صحافی اور اداکارہ اوپرا ونفرے تھی۔

اوپرا کا شمار دنیا کے 5 امیر ترین افراد میں ہوتا ہے۔ اوپرا کی ماہانہ آمدنی 25920000 ڈالر اور سالانہ 311040000 ڈالر ہے۔ سیاہ فام نسل کی عورت ہوتے ہوئے بھی اس کا شمار دنیا کی کامیاب ترین خواتین کے ساتھ ساتھ دنیا کی خوب صورت ترین خواتین میں بھی ہوتا ہے۔ اس کے چہرے میں بلا کی کشش اور جسم کے متناسب خدوخال کے باعث دیکھنے والا اسے دیکھتے ہی رہ جاتا ہے۔

اوپرا 29 جنوری 1954 کو میکسیکو سٹی کے مضافاتی علاقے میلاکی میں ایک انتہائی غریب خاندان میں پیدا ہوئی جن کے گھر میں اکثر فاقہ کشی ہوتی تھی۔ 11 سال کی عمر تک اس کو پہننے کو نیا کپڑا نصیب نہیں ہوا۔ پرانے، بوسیدہ اور پھٹا لباس اس کا مقدر بنا ہوا تھا۔ پاؤں میں چپل نہیں ہوتے تھے ننگے پاؤں گھومتی رہتی۔ 3 سال کی عمر میں اس کے والدین کے درمیان علیحدگی ہو گئی جس کی وجہ سے وہ 3 حصوں میں تقسیم ہو کر رہ گئی۔ کبھی نانی کے گھر، کبھی ماں کے پاس اور کبھی باپ کے گھر میں ہوتی اور ہر جگہ غربت نے ڈیرے ڈال رکھے تھے۔

اوپرا اسکول تو نہیں پڑھ سکتی تھی مگر اس کی نانی نے اسے گھر میں اور کھیتوں میں کام کرتے ہوئے بائبل کی تعلیم دی۔ 11 برس کی عمر میں اس سے جیم نامی ایک امیر زادے سے دوستی ہو گئی اور ان دونوں کی دوستی محبت میں تبدیل ہو گئی لیکن کچھ ہی عرصہ بعد جیم کے والدین امریکہ منتقل ہو گئے۔ اوپرا نے جیم سے شادی کرنے کی خواہش کا اظہار کیا مگر جیم نے مجبوری ظاہر کی۔ اوپرا نے دل برداشتہ ہو کر خودکشی کی کوشش کی مگر علاج و معالجہ کے بعد وہ موت کے منہ میں جانے سے بچ گئی۔ نانی نے اوپرا کو اس کے والد کی طرف بھیج دیا۔ والد نے اسے اس کی خواہش پر ایک مقامی اسکول میں داخل کرایا وہاں اس کی صلاحیتیں اور خوبصورتی نکھار کے باعث ایک تقریب میں تقریر کرنے کا موقع دیا گیا جس میں وہ پہلے نمبر پر آ گئی اور سرکاری خرچ پر اسے امریکہ کے ایک کالج میں داخل کرایا گیا وہاں اس نے جرنلزم کے شعبے میں داخلہ لے لیا۔ اسی دوران اسے ریڈیو اسٹیشن میں خبریں پڑھنے کی عارضی ملازمت دی گئی اس کی بہتر کارکردگی کے باعث اس کو ایک ٹی وی چینل میں نیوز پڑھنے کی ملازمت دی گئی۔ کچھ عرصہ بعد اس کو امریکہ کے ایک بڑے نیوز چینل W M Z-TV میں ملازمت مل گئی جہاں اس کی فلم وانس سے دوستی ہو گئی اور پھر یہ دوستی محبت میں تبدیل ہو گئی۔ دونوں ایک دوسرے کے ساتھ ملتے رہے مگر جب اوپرا نے فلم سے شادی کی خواہش کا اظہار کیا تو فلم وانس نے بھی شادی سے معذوری اور مجبوری کا اظہار کیا۔ یہاں پر ایک بار پھر اوپرا کو بڑا دلی صدمہ ہوا اور اس نے خودکشی کے ارادے سے اپنی گاڑی ایک درخت سے ٹکرائی جس کو بے ہوشی کی حالت میں ہسپتال پہنچایا گیا۔ کئی روز علاج و معالجہ کے بعد اوپرا ایک بار پھر مرنے سے بچ گئی۔ ہسپتال سے ڈسچارج ہونے کے بعد 1987 میں اس سے ایک معروف امریکی صحافی، مصنف اور مبلغ اسد مین نے اس سے ملاقات کی اور اس کی دعوت کر دی۔ یہاں سے ان دونوں کے درمیان ایک نئی محبت کا آغاز ہو گیا اور دونوں ایک دوسرے کو نوٹ کر چاہنے لگے۔

اوپرا نے اپنا صحافتی سفر جاری رکھا اس نے اپنے ٹی وی چینل میں اوپرا شو کے نام سے ایک پروگرام شروع کیا جس میں جنرل موٹرز کمپنی کی جانب سے شو میں پوزیشن ہولڈرز کو ایک کار بطور انعام دیا جاتا اس شو کے ذریعے اوپرا نے غریب اور مظلوم خواتین اور بچوں کی مالی امداد کرنا شروع کیا اس سے یہ پروگرام دنیا کا نمبر 1 بن گیا۔ اس کو فلموں میں اداکاری کی پیش کش کی گئی جو اس نے قبول کیا اور اس نے کمال کی اداکاری کر کے خود کو ایک کامیاب اداکارہ بھی ثابت کر دکھایا۔ اس نے اپنے شو میں دنیا کی نامور شخصیات کو بطور مہمان شریک کیا جن میں امریکی صدر اوبامہ، جنوبی افریقہ کے صدر اور انقلابی رہنما نیلسن منڈیلا، عالمی باکسر چیمپئن محمد علی کلے، عالمی شہرت یافتہ پاپ سنگر مائیکل جیکسن اور عالمی ملکہ حسن ایشوریا رائے وغیرہ شامل ہیں۔ ایک بار نیلسن منڈیلا نے خود اوپرا کی دعوت کی اور اس دعوت میں اوپرا سے کہا کہ میں آپ کی مدد کرنا چاہتا ہوں آپ مجھ سے کیا لینا چاہیں گی اوپرا نے ان سے ایک اسکول مانگا جس میں اعلیٰ معیار کی تعلیم اور تمام تر جدید سہولیات دستیاب ہوں اور اس اسکول میں صرف غریبوں کے بچے اور بچیوں کو تعلیم دی جائے گی اور نیلسن منڈیلا نے وہ سب کچھ اوپرا کو فراہم کر دیا۔ 2013 میں امریکی صدر اوبامہ نے بہترین صحافت پر اوپرا کو صدارتی تمغہ اور اعزازی ڈاکٹریٹ کی ڈگری سے نوازا۔ اوپرا کا شمار اس وقت دنیا کے 5 امیر ترین افراد میں ہوتا ہے لیکن اس کا کوئی والی وارث نہیں ہے کیوں کہ اس نے شادی نہیں کی ہے۔ جب اس نے اپنی پہلی محبت جیم سے شادی کی خواہش کا اظہار کیا تو اس نے اوپرا کو مجبوری کے بہانے سے ٹال دیا اس نے اپنے دوسرے محبوب فلم وانس سے شادی کی خواہش کا اظہار کیا تو اس نے بھی بڑی خوبصورتی کے ساتھ اس کی خواہش کو ٹھکرا دیا جب اس نے اسٹیڈمین کو اپنا تیسرا محبوب بنایا تو اس نے اپنی شادی کی خواہش کو ہمیشہ کے لئے دفن کر دیا حالانکہ اسٹیڈمین نے خود اوپرا سے شادی کی خواہش کا اظہار کیا مگر اوپرا نے معذرت کے ساتھ اس کی پیش کش کو رد کر دیا مگر گرل فرینڈ کے طور پر زندگی بھر ان کے ساتھ رہنے کا عہد کیا اور اس عہد کو اس نے نبھا کر دکھایا۔ دنیا کی اس غریب ترین لڑکی اور دنیا کی امیر ترین اس عورت نے دنیا کے غریب افراد کو اپنی دولت کا وارث اور مالک قرار دے دیا ہے۔ وہ پہلے بھی اپنی دولت کو مستحق افراد پر خرچ کر رہی تھی اور اپنی موت کے بعد بھی اپنی تمام تر دولت خیراتی اداروں کو عطیہ کرنے کی وصیت کر دی تاکہ غریب اور مستحق افراد پر خرچ ہو سکیں۔

ترک صدر طیب اردگان پاکستان کے مخلص دوست

26 فروری 1954ء کو ترکی کے مشہور شہر استنبول میں پیدا ہونے والے ترک صدر طیب اردگان ترکی کے بارہویں صدر ہیں۔ قبل ازیں آپ

شوکت ورک

1994ء سے 1998ء تک استنبول کے میئر اور 2003ء سے 2014ء تک وزیر اعظم کے عہدہ جلیلہ پر فائز رہے۔ ملک میں پارلیمانی نظام حکومت کے بجائے صدارتی نظام حکومت کی تبدیلی کے بعد 10 اگست 2014ء میں صدارتی نظام کے تحت ہونے والے انتخابات میں آپ نے واضح اکثریت حاصل کی اور ملک کے بارہویں اور صدارتی نظام کے تحت ہونے والے پہلے انتخاب میں 28 اگست 2014ء کو پہلے صدر کی حیثیت سے حلف اٹھایا جبکہ اپنی پہلی صدارتی مدت ختم ہونے کے بعد 24 جون 2018ء میں ہونے والے صدارتی انتخابات میں دوبارہ 59.52 فیصد ووٹ لے کر کامیاب ہوئے اور 9 جولائی 2018ء میں دوبارہ زمام اقتدار سنبھالا اور اب تک ملک کے صدارتی اختیارات کے حامل ہیں۔ آپ ترکی کی برسر اقتدار جماعت جسٹس اینڈ ڈویلپمنٹ پارٹی کے سربراہ بھی ہیں۔ آپ دینی اور دنیاوی تعلیم سے آراستہ اور حافظ قرآن ہیں۔ آپ کی عوامی مقبولیت کا یہ عالم ہے کہ جب 15-16 جولائی 2016ء میں ترک فوج کے ایک گروپ نے ان کے اور ان کی حکومت کے خلاف بغاوت کی تو عوام صدارتی محل کے سامنے باغی فوجیوں کے ٹینکوں کے سامنے لیٹ گئے اور باغیوں کو گرجدار آواز میں للکارا کہ پہلے آپ ٹینک ہمارے اوپر سے گزارو اور پھر صدارتی محل کی طرف جاؤ اور عوام کے غیض و غضب اور حکومت کی وفادار فوج نے بغاوت کو بری طرح کچل کر رکھ دیا اور باغی قید ہوئے جو آج بھی زندان خانوں میں ہیں۔

طیب اردگان ایک ایسے عوامی رہنما ہیں جو اپنی مثال آپ ہیں جس وقت وہ برسر اقتدار آئے تو ملک معاشی طور پر مستحکم نہیں تھا مگر قوم و ملک کے ایک مخلص رہنما کے طور پر انہوں نے بڑی محنت، تندہی اور شبانہ روز ملک کو معاشی طور پر مضبوط بنانے پر بھرپور توجہ دی ان کی یہ کوششیں رنگ لائیں اور 14 مئی 2013ء کو ترکی نے آئی ایم ایف قرضے کی آخری قسط ادا کر دی جس کو ملک بھر کے عوام نے سراہا۔ آخری قسط ادا کرنے کے بعد انہوں نے آئی ایم ایف کو پانچ ارب ڈالر کا قرض دیا اور یوں 1952ء سے قرض لینے والا ملک اب قرض دینے والا ملک بن گیا۔ ملکی معیشت کی بہتری کے لئے طیب اردگان صنعتی ترقی کو عروج پر لائے اور ساتھ ہی زرعی آلات، ٹیکسٹائل، آٹو موبائل انڈسٹری، سیاحت، ٹرانسپورٹ، تعمیراتی مشینری، عوامی استعمال کی الیکٹرانک مصنوعات، گھریلو استعمال کی اشیاء اور کاریں بنانے کی صنعت کو فروغ دیا اس وقت ترکی 2,180 ارب ڈالرز کی برآمدات کر رہا ہے جو جرمنی، برطانیہ، متحدہ عرب امارات، عراق، امریکہ، اٹلی، فرانس اور چین بھی جاتی ہیں۔ یہاں یہ امر بھی دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ چین ترکی کا سب سے بڑا کاروباری شراکت دار ہے۔

زمانہ طالب علمی سے لے کر عہد صدارت تک طیب اردگان کی زندگی ایک جہد مسلسل سے عبارت ہے۔ اپنی تعلیم کے ابتدائی دنوں میں وہ تعلیم کے ساتھ ساتھ ذرائع آمدنی کے حصول کے

(جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

پاکستان۔ کا مطلب کیا؟

قائد اعظم محمد علی جناح نے کیا خوبصورت بات کی تھی۔: پاکستان اسی دن یہاں قائم ہو گیا تھا، جس دن برصغیر میں پہلا شخص مسلمان ہوا تھا:۔ حقیقت یہ ہے کہ برصغیر کے مسلمانوں نے کبھی بھی انگریز کی حکمرانی کو دل سے تسلیم نہیں کیا تھا۔ انگریزوں اور ان کے نظام سے نفرت اور بغاوت کے واقعات وقفے وقفے کے ساتھ بار بار سامنے آتے رہے تھے۔ برطانوی اقتدار کے خاتمے کے لیے برصغیر کے مسلمانوں نے جو عظیم قربانیاں دی ہیں اور جو بے مثال جدوجہد کی ہے۔ یہ ان کے اسلام اور دو قومی نظریے پر غیر متزلزل ایمان و یقین کا واضح ثبوت ہے۔ انہی قربانیوں اور مسلسل جدوجہد کے نتیجے میں بالآخر پاکستان کا قیام عمل میں آیا تھا۔ جب ہم تحریک پاکستان کی تاریخ پر نظر ڈالتے ہیں تو اس تاریخی جدوجہد میں یہ بات سب سے زیادہ نمایاں طور پر ہمیں نظر آتی ہے کہ مسلمان اپنے جداگانہ اسلامی تشخص پر مصر تھے۔ یہی نظریہ پاکستان اور علیحدہ وطن کے قیام کی دلیل تھی۔ ہر قسم کے جابرانہ و غلامانہ نظام سے بغاوت کر کے خالص اسلامی خطوط پر مبنی نظام حیات کی تشکیل ان کا مدعا اور مقصود تھا۔ جس کا اظہار و اعلان قائد اعظم محمد علی جناح نے بار بار اپنی تقاریر اور خطابات میں کیا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ ہم دیکھتے ہیں کہ تحریک پاکستان کے دوران برصغیر کے کونے کونے میں: لے کے رہیں گے پاکستان، بن کے رہے گا پاکستان۔ مسلم ہے تو مسلم لیگ میں آ؛ اور پاکستان کا مطلب کیا؟، لا الہ الا اللہ۔ یہ نعرے برصغیر کے مسلمانوں کے دلی جذبات کے حقیقی ترجمان تھے۔ عرصہ دراز سے غلامی کی زنجیروں میں جکڑے ہوئے مسلمانوں کو آزاد

شال بقیہ 1

کے فنڈز ہی کیلئے استعمال کیے جائیں گے۔ بدھ کو یہاں مشیر خزانہ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ نے معاون خصوصی امور نوجوان کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کورونا کے بعد حکومت کی کوشش ہے کہ عوام کو کاروبار کیلئے زیادہ سرمایہ فراہم کیا جائے، کامیاب نوجوان پروگرام کیلئے اہم فیصلے کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو نئے کاروبار شروع کرنے میں مدد دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت تک 2900 لوگوں کو قرض دیے جا چکے، ایک ارب روپے سے زیادہ قرض دیا جا چکا، اس کو اب بڑے انداز میں چلایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پہلے 50 لاکھ روپے کی حد تھی اب ڈھائی کروڑ روپے تک کیا گیا ہے، شرح سود کو آدھا کر دیا ہے، چھ فیصد شرح سود کو تین فیصد کر دیا اور آٹھ فیصد کو چار فیصد کر دیا، اس اسکیم کو تین ٹیکوں سے بڑھا کر 21 ٹیکوں تک بڑھا دیا ہے، پاکستان نے شفاف انداز میں ڈیڑھ کروڑ خاندانوں کو مالی امداد فراہم کی۔ انہوں نے کہا کہ کامیاب نوجوان پروگرام حکومت کی ترجیح ہے، اس پروگرام کیلئے جتنا پیسہ چاہیے وہ فراہم کریں گے۔۔

شال بقیہ 2

کی منظوری دے دی گئی ہے جو پاکستان کا پہلا سمارٹ سٹی پروجیکٹ ہوگا اور ڈیجیٹل کوئٹہ کے طور پر ڈیجیٹلائزڈ سیکیورٹی کے امور کی انجام دہی کرے گا، کابینہ نے سیف سٹی پروجیکٹ فیز ون کو بلوچستان پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کے بورڈ کی سفارش کی روشنی میں بی پیپرا قواعد سے مستثنیٰ کرنے کی منظوری بھی دی، کابینہ نے کریمنل پروسیجر 1898 بلوچستان ترمیمی بل 2020 کے مسودہ کی منظوری بھی دی جس کا مقصد سول انتظامیہ کو عوامی امور سے نمٹنے کے لئے اختیارات کی فراہمی ہے، کابینہ نے محکمہ معدنیات کے تحت مائنز لیبر ویلفیئر آرگنائزیشن کے زیر انتظام سکولوں کے 219 اساتذہ کی اپ گریڈیشن کی منظوری بھی دی، وزیراعلیٰ نے اس موقع پر سیکریٹری معدنیات کو ان 29 سکولوں کو چھ ماہ کے اندر ماڈل طرز پر معیاری بنانے کی ہدایت کی، کابینہ نے بی واسا کے ہائی لاز کی منظوری بھی دی جبکہ واسا حکام کو واسا کے تحت نکاسی آب کے نظام کے لئے علیحدہ ہائی لاز پیش کرنے کی ہدایت کی گئی، کابینہ نے کوئٹہ شہر میں ٹیوب ویلوں کی تنصیب کو واسا کے این او سی سے مشروط قرار دینے سے اتفاق کیا، اس موقع پر وزیراعلیٰ نے مہنگے داموں پانی فراہم کرنے والے ٹینکر مافیا کے خلاف کارروائی کرنے اور واسا کے وسائل میں اضافہ کے لئے اقدامات کرنے کی ہدایت کی، وزیراعلیٰ نے کہا کہ پانی کی فراہمی نکاسی آب کے نظام کی بہتری اور شہر کی ترقی کے ذمہ دار تمام اداروں کو مشترکہ لائحہ عمل تیار کرنا ہوگا اس حوالے سے انہوں نے متعلقہ اداروں کا اجلاس طلب کرنے کی ہدایت کی جس کی وہ خود صدارت کریں گے، کابینہ نے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کو بورڈ آف ریونیو سے علیحدہ کر کے ایک انتظامی محکمے کا درجہ دینے کے لئے بلوچستان گورنمنٹ رولز آف بزنس 2012 میں ترمیم کی منظوری بھی دی، کابینہ نے چیئرمین بلوچستان انوائرمینٹل پروٹیکشن ٹریبونل کے چیئرمین کی مدت ملازمت میں مزید دو سال کی توسیع کی منظوری دی، صوبائی کابینہ نے احساس ایمرجنسی کیش ٹرانسفر پروگرام کے کمیشن پر عائد سیلز ٹیکس کے ایک مرتبہ استثنیٰ، وزیراعظم ریلیف فنڈ میں ٹیلی کام آپریٹرز کی جانب سے فنڈ ریزنگ پر عائد سیلز ٹیکس کے استثنیٰ اور اقوام متحدہ کے عالمی پروگرام برائے خوراک کی جانب سے چمن کے راستے افغانستان کو فراہم کی جانے والی خوراک کو بلوچستان انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ سیس سے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر استثنیٰ دینے کی منظوری بھی دی، کابینہ نے اندرونی سیکیورٹی کے لئے ایف سی بلوچستان کی ریکوزیشن کی مدت میں 31 دسمبر 2020 تک توسیع کی منظوری دی، کابینہ نے محکمہ زراعت کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر (اسٹیٹسٹکس) بی۔17 کی اسامی کو اپ گریڈیشن کمیٹی کی سفارش پر ڈپٹی ڈائریکٹر ایگریکلچر (اسٹیٹسٹکس) بی۔18 اپ گریڈ کرنے کی منظوری بھی دی جبکہ کورونا وائرس کی ایمرجنسی کے تناظر میں ٹرٹری کیئر ہسپتالوں میں ایڈہاک کی بنیاد پر سٹاف نرسوں بی۔16 کی بھرتی کی منظوری بھی دی، کابینہ نے تربت، خضدار، لورالائی اور سبی میں محکمہ داخلہ کے زیر انتظام رجسٹریشن اور پروہیبیشن دفاتر کے قیام، پی ایس ڈی پی 2021 میں نئے انٹرکالجز کے قیام کے منصوبہ میں اضلاع کے ناموں کی تصحیح اور محکمہ تعلیم کے پی ایس ڈی پی میں شامل بعض منصوبوں کے نومنکلیچر کی تصحیح کی منظوری بھی دی، کابینہ نے محکمہ بلدیات میں خالی اسامیوں پر محکمانہ ریکروٹمنٹ کمیٹی کے ذریعہ بھرتی کی منظوری بھی دی، کابینہ نے محکمہ توانائی کی جانب سے توانائی کے متبادل ذرائع کی ترقی کے سرمایہ کار منصوبوں کے لئے جاری کئے گئے اظہار دلچسپی کے مراسلوں کی میعاد میں توسیع کرنے کی منظوری بھی دی، کابینہ نے بلوچستان پرائیویٹ ایجوکیشنل انسٹیٹیوشن رجسٹریشن اینڈ ریگولیشن اتھارٹی ترمیمی آرڈیننس 2020 کا جائزہ لیتے ہوئے وزیر تعلیم کی سربراہی میں کابینہ کی سب کمیٹی کی تشکیل کا فیصلہ کیا جو آرڈیننس کے مسودہ کا جائزہ لے کر رپورٹ پیش کرے گی، اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ کابینہ صوبے کا سب سے اہم اور بڑا فورم ہے جس میں اہمیت کے حامل پالیسی فیصلے کئے جاتے ہیں، لہٰذا اس تناظر میں صوبے کے اچھے اور برے کے ہم خود ذمہ دار ہیں، اگر ہم نے بلوچستان کے ساتھ بھلائی کرنی ہے تو پھر اپنے نظام اور طریقہ کار کو بہتر بنانا ہوگا اور صوبے اور یہاں کے عوام کے مفادات کو ہر چیز سے مقدم رکھنا ہوگا، وزیراعلیٰ نے کہا کہ گذشتہ چند سالوں میں صوبے میں یونیورسٹیوں اور یونیورسٹی کیمپسز میں اضافہ ہوا ہے جس سے نوجوانوں کو بہتر تعلیم کے مواقع مل رہے ہیں اور پڑھے لکھے نوجوانوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے، ہم نے اپنے ان پڑھے لکھے نوجوانوں کو بہتر مستقبل دینے کی منصوبہ بندی کرنا ہے اور نوکریوں میں میرٹ اور صلاحیت کو فروغ دینا ہے تاکہ حقدار نوجوانوں کو ان کا حق مل سکے۔۔

شال بقیہ 3

درآمد کرایا جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایک خبر رساں ادارے سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے عوام سے صوبائی حکومت کی جانب سے اپیل کی کہ وہ ایس او پیز پر عملدرآمد کرتے ہوئے جشن آزادی کی تقاریب میں شرکت کریں انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان صوبائی اسمبلی کے سبزہ زار پر صوبائی کابینہ، مشیران اور سول و قومی حکام و معززین کے ہمراہ پرچم کشائی کریں گے ڈویژنل و ضلعی انتظامیہ کو بھی ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے علاقوں میں جشن آزادی کی تقریبات ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کرتے ہوئے منعقد کریں۔۔

شال بقیہ 4

اہمیت نہیں رہے گی، 2019-20ء کی پی ایس ڈی پی کا حصہ رہنے والا کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ کو رواں مالی سال کی پی ایس ڈی پی سے نکال دیا گیا ہے، گوادر، پسنی اور جیونی میں پانی نہیں، جیونی میں گزشتہ 30 دنوں سے لوگ پینے کے پانی سے محروم ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل نے کہا کہ قومی اسمبلی بلیں زیر بحث آ رہی ہے خوشی کی بات ہے کہ حکومت اور اپوزیشن میں بلوں کی منظوری پر اتفاق رائے پیدا ہو رہی ہے لیکن میں واضح کرنا چاہتا ہوں کہ بلوچستان نیشنل پارٹی اس اتفاق رائے میں شامل نہیں، جب ہم حکومت میں تھے تب بھی ہمیں کسی بھی فیصلے میں اعتماد میں نہیں لیا جاتا تھا اسوقت بھی ہم آزاد بنچز پر تھے اور آج بھی آزاد بنچز پر بیٹھے ہیں، اب بھی اپوزیشن کی طرف سے کسی بھی بل میں ہمیں اعتماد میں نہیں لیا جاتا، ہم چلتی ہوئی گاڑی کے مسافر نہیں کہ ایک گاڑی سے اترے اور دوسرے میں بیٹھ جائے، ہمارے کچھ اپنے اصول اور نقطہ نظر ہے شاہد ہی اس سے کسی کو اختلاف ہوں میں یہ واضح کروں کہ ہم نہ تو کسی کے "ہاں" میں شامل ہیں اور نہ ہی "نا" میں۔ یہ اندرونی دباؤ ہے یا بیرونی ہم نے نہ کسی بیرونی دباؤ پر کمپرومائز کیا ہے اور نہ ہی اندرونی دباؤ پر کمپرومائز کریں گے، انہوں نے کہا کہ پہلے دہشتگردی کی وضاحت ہونی چاہیے، انہوں نے کہا کہ کیا ملک کے وزیراعظم نواز شریف کو دہشت گرد قرار نہیں دیا گیا تھا؟ کیا راجہ پرویز اشرف کو بھی دہشت گرد قرار نہیں دیا گیا تھا؟ اس ایوان کے اکثر ہشمول میں خود اپنی ٹریسٹ عدالت میں پیش نہیں کیا گیا تھا انہوں نے یہ بھی کہا کہ کھڑکی کا شیشہ توڑنے والا دہشت گرد ہوتا ہے لیکن پاکستان کا آئین توڑنے والا دہشت گرد نہیں ہوتا تو کیا جناب اسپیکر شیشہ توڑنا اہم ہے جو جوڑ بھی سکتا ہے یا پاکستان کا آئین پہلے ملک کے آئین کو توڑنے والے کو دہشت گرد قرار دیں پھر ہم بل کا ساتھ دیں گے۔

شال بقیہ 5

پلوں کی تعمیر سے ہرنائی کا عوام کے یہ دیرینہ اور اجتماعی مسئلہ حل ہو جائے گا ہم نے اپنے حلقے کے عوام سے جو وعدے کئے ہے انہیں عملی جامع پہنانے کیلئے دن رات کوشاں ہوں ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزیراعلیٰ کے ہمراہ دورہ ہرنائی کے موقع پر پارٹی عہدیداروں اور کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر نے کہا کہ چونکہ وزیراعلیٰ کا یہ ہنگامی اور مختصر دورہ تھا چونکہ صوبے کے مختلف اضلاع میں سیلاب اور بارشوں سے جانی و مالی نقصان ہوا وزیراعلیٰ نے دیگر اضلاع کا بھی دورہ کرنا تھا انہوں نے کہا کہ ہم اپنے حلقے کے دونوں اضلاع کی ترقی کیلئے ہر فورم پر جدوجہد کر رہے ہیں تاکہ حلقے کے دونوں اضلاع کے عوام کے دیرینہ حل طلب اجتماعی مسائل حل کر سکوں انہوں نے کہا کہ ضلع ہرنائی سیلاب زدگان کے نقصانات کا ازالہ کرنے کیلئے پہلے بھی وزیراعلیٰ بلوچستان کو تمام تر صورتحال سے آگاہ کیا تھا اور آج وزیراعلیٰ بلوچستان عوام کے سامنے ہی از خود ہی پی ڈی ایم اے حکام سے پوچھا کہ وہ ہرنائی سیلاب زدگان کیلئے فنڈز کی فراہمی ڈپٹی کوئی گئی ہے یا نہیں پی ڈی ایم اے حکام نے وزیراعلیٰ بلوچستان، صوبائی وزراء اور عوام کے سامنے یہ وعدہ کیا ہے کہ جلد ہی سیلاب سے متاثرہ افراد کی بحالی کا فنڈز ڈپٹی کمشنر ہرنائی کو ٹرانسفر کر دیں گے۔

شال بقیہ 6

ہوئے کہا کہ گزشتہ سال 14 اگست کے موقع پر قومی اسمبلی ہال میں پاکستان کا غباروں سے پرچم تیار کرنا اور اسے پاکستان کے نام کرنا میری دلی خواہش تھی۔ انہوں نے کہا کہ ہندوؤں برادری کا پاکستان بننے سے آج تک ملک کی تعمیر و ترقی میں ہمیشہ کلیدی کردار رہا ہے۔۔

شال بقیہ 7

گئے، لوگ چاہتے ہیں جنہوں نے ملک لوٹا پیسہ واپس آنا چاہیے۔ دفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی نے کہا کہ صوبوں میں وسائل کی منصفانہ تقسیم بہت ضروری ہے، جتنا مسئلہ کراچی، اتنا دوسرے شہروں کا بھی ہے، ٹھوکی شیر کو ایک روپیہ تک نہیں ملا۔۔

شال بقیہ 8

اسکیمات کی تکمیل سے علاقہ ترقی کی راہ پہ گامزن ہوگئے۔ سکیمات کی تکمیل سے علاقہ ترقی کی راہ پہ گامزن ہوگئے۔۔

شال بقیہ 9

ایل ن کے کارکن نیب آفس کے باہر اپنی قائد کی استقبال کیلئے آئی ہوئی تھی اور یہاں تو مریم نواز نے اندر آفس میں دینا تھا لیکن سب کچھ ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت ہوا انہوں نے کہا کہ ہمارے کارکن ہمیشہ سے پرامن رہتے ہیں ہم تشدد کی سیاست پر ہرگز یقین نہیں رکھتے ہم ملک میں آئین قانون اور جمہوریت کی بالادستی پر یقین رکھتے ہیں۔

شال بقیہ 10

مطابق گزشتہ روز جیکب آباد سے کوئٹہ جانیوالی مسافر وین BMA765 بولان قومی شاہراہ بمقام دوزان مچھ کے قریب حادثہ کا شکار ہو کر کھائی میں جا گری جس کے نتیجے میں چار افراد موقع پر جاں بحق ہوگئے جن میں عبدالغنی ولد عبدالکریم، عنایت اللہ ولد صالح محمد اللہ بخش ولد محمد ساکنان خضدار اور غلام سرور ولد علی حیدر سکنہ جعفر آباد شامل تھے جبکہ زخمیوں میں گل بی بی زوجہ سعد اللہ، سہرینہ بنت وزیر خان، زینہ زوجہ وزیر خان، ارشاد علی ولد وزیر خان، ظفر علی ولد تاج محمد، جہانگیر ولد جمعہ خان اور عبدالعزیز ولد وزیر خان شامل ہیں مقامی لیویز نے جائے حادثہ پہنچ کر لاشوں اور زخمیوں کو سول ہسپتال مچھ منتقل کر دیا۔۔

شال بقیہ 11

مستقل ملک ہونے کی حیثیت سے پاکستان آئی ٹی گریجویٹس کی طلب پوری کر سکتا ہے۔ بدھ کو صدر ڈاکٹر عارف علوی نے انٹرنیشنل ورچوئل کانفرنس آن ڈیجیٹلائزیشن اینڈ سائبر سکیورٹی سے خطاب کرتے ہوئے تعلیمی اداروں پر زور دیا کہ وہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کی تعلیم پر خصوصی توجہ دیں تاکہ ملک کو ڈیجیٹلائزیشن اور سائبر سکیورٹی کی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے جس سے روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور مستقبل کے چیلنجز سے نمٹنے میں مدد ملے گی۔ انٹرنیشنل ورچوئل کانفرنس کا انعقاد ورچوئل یونیورسٹی آف پاکستان نے کیا تھا۔ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان اور دنیا بھر میں آئی ٹی گریجویٹس کی بہت زیادہ مانگ ہے اور نوجوان آبادی پر مشتمل ملک ہونے کی حیثیت سے پاکستان آئی ٹی گریجویٹس کی طلب پوری کر سکتا ہے۔۔

شال بقیہ 12

کی منظوری دے دی گئی ہے جو پاکستان کا پہلا سمارٹ سٹی پروجیکٹ ہوگا اور ڈیجیٹل کوئٹہ کے طور پر ڈیجیٹلائزڈ سیکیورٹی کے امور کی انجام دہی کرے گا، کابینہ نے سیف سٹی پروجیکٹ فیز ون کو بلوچستان پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کے بورڈ کی سفارش کی روشنی میں بی پیپرا قواعد سے مستثنیٰ کرنے کی منظوری بھی دی، کابینہ نے کریمنل پروسیجر 1898 بلوچستان ترمیمی بل 2020 کے مسودہ کی منظوری بھی دی جس کا مقصد سول انتظامیہ کو عوامی امور سے نمٹنے کے لئے اختیارات کی فراہمی ہے، کابینہ نے محکمہ معدنیات کے تحت مائنز لیبر ویلفیئر آرگنائزیشن کے زیر انتظام سکولوں کے 219 اساتذہ کی اپ گریڈیشن کی منظوری بھی دی، وزیراعلیٰ نے اس موقع پر سیکریٹری معدنیات کو ان 29 سکولوں کو چھ ماہ کے اندر ماڈل طرز پر معیاری بنانے کی ہدایت کی، کابینہ نے بی واسا کے ہائی لاز کی منظوری بھی دی جبکہ واسا حکام کو واسا کے تحت نکاسی آب کے نظام کے لئے علیحدہ ہائی لاز پیش کرنے کی ہدایت کی گئی، کابینہ نے کوئٹہ شہر میں ٹیوب ویلوں کی تنصیب کو واسا کے این او سی سے مشروط قرار دینے سے اتفاق کیا، اس موقع پر وزیراعلیٰ نے مہنگے داموں پانی فراہم کرنے والے ٹینکر مافیا کے خلاف کارروائی کرنے اور واسا کے وسائل میں اضافہ کے لئے اقدامات کرنے کی ہدایت کی، وزیراعلیٰ نے کہا کہ پانی کی فراہمی نکاسی آب کے نظام کی بہتری اور شہر کی ترقی کے ذمہ دار تمام اداروں کو مشترکہ لائحہ عمل تیار کرنا ہوگا اس حوالے سے انہوں نے متعلقہ اداروں کا اجلاس طلب کرنے کی ہدایت کی جس کی وہ خود صدارت کریں گے، کابینہ نے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کو بورڈ آف ریونیو سے علیحدہ کر کے ایک انتظامی محکمے کا درجہ دینے کے لئے بلوچستان گورنمنٹ رولز آف بزنس 2012 میں ترمیم کی منظوری بھی دی، کابینہ نے چیئرمین بلوچستان انوائرمینٹل پروٹیکشن ٹریبونل کے چیئرمین کی مدت ملازمت میں مزید دو سال کی توسیع کی منظوری دی، صوبائی کابینہ نے احساس ایمرجنسی کیش ٹرانسفر پروگرام کے کمیشن پر عائد سیلز ٹیکس کے ایک مرتبہ استثنیٰ، وزیراعظم ریلیف فنڈ میں ٹیلی کام آپریٹرز کی جانب سے فنڈ ریزنگ پر عائد سیلز ٹیکس کے استثنیٰ اور اقوام متحدہ کے عالمی پروگرام برائے خوراک کی جانب سے چمن کے راستے افغانستان کو فراہم کی جانے والی خوراک کو بلوچستان انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ سیس سے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر استثنیٰ دینے کی منظوری بھی دی، کابینہ نے اندرونی سیکیورٹی کے لئے ایف سی بلوچستان کی ریکوزیشن کی مدت میں 31 دسمبر 2020 تک توسیع کی منظوری دی، کابینہ نے محکمہ زراعت کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر (اسٹیٹسٹکس) بی۔17 کی اسامی کو اپ گریڈیشن کمیٹی کی سفارش پر ڈپٹی ڈائریکٹر ایگریکلچر (اسٹیٹسٹکس) بی۔18 اپ گریڈ کرنے کی منظوری بھی دی جبکہ کورونا وائرس کی ایمرجنسی کے تناظر میں ٹرٹری کیئر ہسپتالوں میں ایڈہاک کی بنیاد پر سٹاف نرسوں بی۔16 کی بھرتی کی منظوری بھی دی، کابینہ نے تربت، خضدار، لورالائی اور سبی میں محکمہ داخلہ کے زیر انتظام رجسٹریشن اور پروہیبیشن دفاتر کے قیام، پی ایس ڈی پی 2021 میں نئے انٹرکالجز کے قیام کے منصوبہ میں اضلاع کے ناموں کی تصحیح اور محکمہ تعلیم کے پی ایس ڈی پی میں شامل بعض منصوبوں کے نومنکلیچر کی تصحیح کی منظوری بھی دی، کابینہ نے محکمہ بلدیات میں خالی اسامیوں پر محکمانہ ریکروٹمنٹ کمیٹی کے ذریعہ بھرتی کی منظوری بھی دی، کابینہ نے محکمہ توانائی کی جانب سے توانائی کے متبادل ذرائع کی ترقی کے سرمایہ کار منصوبوں کے لئے جاری کئے گئے اظہار دلچسپی کے مراسلوں کی میعاد میں توسیع کرنے کی منظوری بھی دی، کابینہ نے بلوچستان پرائیویٹ ایجوکیشنل انسٹیٹیوشن رجسٹریشن اینڈ ریگولیشن اتھارٹی ترمیمی آرڈیننس 2020 کا جائزہ لیتے ہوئے وزیر تعلیم کی سربراہی میں کابینہ کی سب کمیٹی کی تشکیل کا فیصلہ کیا جو آرڈیننس کے مسودہ کا جائزہ لے کر رپورٹ پیش کرے گی، اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ کابینہ صوبے کا سب سے اہم اور بڑا فورم ہے جس میں اہمیت کے حامل پالیسی فیصلے کئے جاتے ہیں، لہٰذا اس تناظر میں صوبے کے اچھے اور برے کے ہم خود ذمہ دار ہیں، اگر ہم نے بلوچستان کے ساتھ بھلائی کرنی ہے تو پھر اپنے نظام اور طریقہ کار کو بہتر بنانا ہوگا اور صوبے اور یہاں کے عوام کے مفادات کو ہر چیز سے مقدم رکھنا ہوگا، وزیراعلیٰ نے کہا کہ گذشتہ چند سالوں میں صوبے میں یونیورسٹیوں اور یونیورسٹی کیمپسز میں اضافہ ہوا ہے جس سے نوجوانوں کو بہتر تعلیم کے مواقع مل رہے ہیں اور پڑھے لکھے نوجوانوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے، ہم نے اپنے ان پڑھے لکھے نوجوانوں کو بہتر مستقبل دینے کی منصوبہ بندی کرنا ہے اور نوکریوں میں میرٹ اور صلاحیت کو فروغ دینا ہے تاکہ حقدار نوجوانوں کو ان کا حق مل سکے۔۔

شال بقیہ 13

آئندہ 15 برس میں بجلی کی دستیابی اور اس کی قیمت میں نمایاں فرق ہوگا، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات سمیت دیگر مشرق وسطیٰ کے ممالک سے پاکستان کے تعلقات کی تاریخ محض چند برس پر مشتمل نہیں، کسی کی خواہش تو ہو سکتی ہے کہ تعلقات خراب ہوں، ہم ایسا نہیں ہونے دیں گے۔ ان خیالات کا اظہار وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری، معاون خصوصی برائے پیٹرولیم ندیم بابر، وفاقی وزیر توانائی عمر ایوب خان نے مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر عمر ایوب خان نے کہا کہ مشترکہ مفادات کونسل نے قابل تجدید توانائی پالیسی پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2030 تک متبادل ذرائع توانائی سے 30 فیصد بجلی حاصل کی جائے گی، قابل تجدید توانائی کی پیداوار بڑھانے کیلئے نئے منصوبوں کیلئے بولی کریں گے، اس سے صنعت اور گھریلو صارفین کو فائدہ ہوگا۔۔

شال بقیہ 14

ہوئے بعد از آفاتی صورتحال میں طبی امداد کی فراہمی کے لئے فعال کردار ادا کریں اور سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ملیریا، ڈائریا اور دیگر امراض کی روک تھام اور علاج معالجے کے لئے ہنگامی اقدامات اٹھائے جائیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان میں جاری ورٹیکل پروگرامز کے سربراہان کی جانب سے دی گئی بریفنگ اور بروری روڈ پر واقع محکمہ صحت کے ویمن ریسورس ڈپارٹمنٹ، لیڈی ہیلتھ ورکر ڈائریکٹوریٹ، اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفسر کوئٹہ کے دفاتر کے اچانک معائنے کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کیا ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ سیلابی آفات سے متاثرہ علاقوں میں غیر معمولی ہنگامی اقدامات کی اشد ضرورت ہے اس لئے ضروری ہے کہ صحت کے شعبے میں کام کرنے والے مختلف پروگرامز کے ذمہ داران اور محکمہ صحت کے متعلقہ انتظامی یونٹس مل جل کر مشترکہ اقدامات اٹھائیں اور متاثرہ علاقوں تک رسائی اور دستیاب وسائل کو بہتر حکمت عملی کے تحت بروئے کار لائیں۔۔

شال بقیہ 15

نوجوانوں کی آبادی کا تناسب سب سے زیادہ ہے۔ پی پی پی چیئرمین نے نوجوانوں کے نام اپنے پیغام میں مزید کہا ہے کہ نوجوانوں کو حقیقی معنوں میں بااختیار بنانا اور انہیں ملکی معاملات میں شراکت دار بنانا پیپلز پارٹی کا منشور ہے، اور پارٹی کی عوامی حکومتوں نے ہمیشہ نوجوان دوست پالیسیاں متعارف کروائی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو پہلے سیاسی رہنما تھے، جنہوں نے ملک بھر میں نوجوانوں کو متحرک کیا، جبکہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے تعلیم اور روزگار کے مواقع فراہم کر کے نوجوانوں کی ترقی کے لئے نئی راہیں کھولیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی وہ واحد جماعت ہے جس کی حکومتوں نے پاکستان میں سب سے زیادہ تعلیمی ادارے قائم کیے ہیں۔۔

شال بقیہ 16

گا جس کے بعد گندم کی کمی کا سامنا نہیں ہوگا۔ وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت مہنگائی پر خصوصی اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شبلی فراز نے کہا کہ وزیراعظم ہر ہفتے پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس بلاتے ہیں جس میں اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گندم کا جہاز 24 اگست کو پاکستان پہنچ جائے گا جس کے بعد گندم کی کمی کا سامنا نہیں ہوگا۔

شال بقیہ 17

ہیں، صوبائی حکومت نے گائیڈ کی 30 کاپیاں وزارت خارجہ اسلام آباد کو بھی ارسال کیا ہے جس نے گائیڈ کا جائزہ لینے کے بعد اسے سراہتے ہوئے چینی سفارتخانے سمیت ملک کے دیگر مشنز کو بھجوا دیا ہے تاکہ اس حوالے سے مختلف ممالک کو آگاہی دینے کے علاوہ اس میں بہتری کے لئے تجاویز بھی طلب کی گئی ہیں۔۔

شال بقیہ 18

نے نہ صرف بابڑہ چارسدہ کے مقام پر عدم تشدد کے پیروکار خدائی خدمتگاروں کو شہید کیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار اے این پی ضلع کوئٹہ کے صدر جمال الدین رشتیا، حاجی نذر علی پیر علیزئی، جاوید کاکڑ، مزمل کاکڑ، اخلاق بازئی اور نیاز محمد نے باچاخان مرکز کوئٹہ میں شہدائے بابڑہ 12 اگست کی مناسبت سے منعقدہ تعزیتی ریفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا مقررین نے کہا کہ سانحہ بابڑہ پشتونوں تاریخ کا سیاہ ترین باب ہے۔ اور رہتی دنیا تک پشتون اپنے شہدا کو اسی طرح خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے یاد رکھیں گے۔ یوم بابڑہ کو اگر پشتونوں کا کربلا کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ کیونکہ اسی دن یزید کے ظلموں کے یاد کو تازہ کرتے ہوئے اس دور کے نام نہاد لیڈر قیوم خان نے نہ صرف بابڑہ چارسدہ کے مقام پر عدم تشدد کے پیروکار خدائی خدمتگاروں کو شہید کیا۔ آج بھی پشتون اولس پر زمین تنگ کی گئی ہے لیکن باچاخان کے پیروکار عدم تشدد کے سائے تلے ہر ظالم اور جابر کے سامنے سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح کھڑے ہوگئے۔ اور پختونوں کی ترقی خوشحالی کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے۔ مقررین نے شہدا کو سلام اور ان کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی یہ لازوال قربانیاں تاریخ میں سنہرے حروف سے لکھی جائیں گی، انہوں نے کہا کہ سانحہ بابڑہ میں نوجوانوں کیلئے ایک سبق ہے کہ وہ کسی بھی طور صبر و تحمل کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں، انہوں نے کہا کہ باچاخان بابا نے اپنے فلسفے سے یہ ثابت کیا ہے کہ پشتون پرامن قوم ہے اور صرف عدم تشدد پر یقین رکھتی ہے، انہوں نے کہا کہ شہدا بابڑہ کی قربانیاں ہمارے لئے مشعل راہ ہیں اور وہ قومیں ہمیشہ زندہ رہتی ہیں اور جو اپنے اسلاف اور اکابرین کے نقش قدم پر چلتی ہیں۔۔

شال بقیہ 19

کہا کہ وزارت آئی ٹی نے سیف ڈیجیٹل پاکستان کیلئے جدید تقاضوں کے مطابق اقدامات کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سائبر سپیس فلٹنگ جنریشن وار فیئر ڈومین ہے اور حال ہی میں ترقی یافتہ، ترقی پذیر ممالک کی توجہ کا مرکز بنی ہے۔۔

شال بقیہ 20

قطر کی گیس پائپ لائن کی مرمت کا کام شروع دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق مرمت کے کام میں ایک سے دو دن لگ سکتے ہیں۔۔

شال بقیہ 21

کلیئرنس پروسیجر عرفان جاوید کو اطلاع ملی کہ چھالیہ مافیا کچھ خطرناک طریقوں سے چھالیہ اندرون ملک اسمگل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور اس کے لئے کوینا ٹرائل پی جی گیس کے بائپاس استعمال کیا جائیگا۔ یہ ایک خطرناک طریقہ اسمگلنگ کا ہے جس سے قیمتی جانیں ضائع ہونے کا خدشہ ہے اس لئے کلیئرنس نے باقاعدہ منصوبہ بندی کرتے ہوئے ہدایات جاری کیں۔ جس پر ایڈیشنل کلیکٹر یاسر کہلوز، ڈپٹی کلیکٹر اکبر جان نے مزید سخت ایکشن کیلئے سپرنٹنڈنٹ اسلم خان اور پوسٹ انچارج انسپکٹر احمد نواز زہری کو تیار رہنا کا حکم دیا۔ جس کے بعد گزشتہ شب لکپاس کے مقام پر ایک صیغہ ٹرک بائیس ویلرز جو کہ کوئٹہ سے کراچی منتقل ہو رہا تھا جس پر ایل پی جی گیس بائپاس رلادی گئی تھی کو روک کر اس کی تلاشی لی تو بائپاس میں چھپائی گئی 20000 ہزار کلوگرام چھالیہ برآمد کی گئی دوران تلاشی کنٹینر کو کسٹم ہاؤس سے دور ویرانے میں لے جا کر چیک کیا تاکہ کسی کو نقصان نے پہنچے۔ گیس کے مکمل اخراج کے بعد اسے واپس کسٹم چیک پوسٹ لا کر خالی کیا گیا۔ چھالیہ بمع بائپاس جنسیں قبضے میں لے لیا گیا کی قیمت تقریباً 6 کروڑ روپے ہے واضح رہے اسی سال فروری کے مہینے میں کوئٹہ کے نواحی علاقے میں ایک گودام میں پارک اسی طرح کا ایل پی جی کنٹینر اس وقت خوفناک دھماکے سے پھٹا تھا جبکہ اس میں کچھ عناصر چھالیہ لوڈ کر رہے تھے دھماکے سے موقع پر موجود کئی لوگ ہلاک ہوئے تھے اس وقت بھی کسٹم اور پولیس نے موقع پر پہنچ کر تمام چھالیہ قبضے میں لیں تھیں واضح رہے چیف کلیکٹر کسٹمز کی جانب سخت ترین اقدام کے بعد اسمگلرز مختلف طریقوں سے اسمگلنگ کی کوشش کرتے ہیں جن میں اس طرح کی خطرناک طریقے سے بھی اپنائے جاتے ہیں۔۔

شال بقیہ 22

سانحہ ماڈل ٹاؤن میں ن لیگ نے دہشت پھیلائی۔ معاون خصوصی نے کہا کہ آپ کے دور میں پاکستان پاکستان نہیں مسائلستان تھا، آپ کے دور میں مہنگی ترین بجلی بھی عوام کی پہنچ سے دور تھی، مہنگی بجلی کی وجہ سے کارخانے بند ہوئے اور غربت پھیلتی پھولتی رہی۔۔

شال بقیہ 23

انہوں نے اعداد و شمار شامل کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ میں 21 تربت میں 9، پشین میں 6 کریش پلانٹ سیل جبکہ 16 کے این او سی ماحولیات کو نقصان پہنچ

آنے والے 4 سالوں میں کوئٹہ اور بلوچستان کا نقشہ بدل جائے گا، نصیب اللہ بازئی

صوبائی دارالحکومت کی ترقی کو پارٹی اور سیاسی وابستگی کی نظر سے نہیں دیکھ رہی کیونکہ کوئٹہ ہم سب کا شہر ہے جس کی تعمیر و ترقی پر توجہ دینا ضروری ہے

وزیر اعلیٰ بلوچستان کوئٹہ کی تعمیر و ترقی اور عوام کی سہولت کے لئے اربوں روپے خرچ کر رہے ہیں، بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنماء سینیٹر

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنماء سینیٹر نصیب اللہ خان بازئی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کوئٹہ کی تعمیر و ترقی اور عوام کی سہولت کے لئے اربوں روپے خرچ کر رہے ہیں آنے والے 4 سالوں میں کوئٹہ اور بلوچستان کا نقشہ بدل جائے گا کیونکہ وزیر اعلیٰ اور ان کی ٹیم صوبے کی تعمیر و ترقی کو یقینی بنا کر بلوچستان کی پسماندگی کو دور کر کے عوام کو احساس محرومی سے نکالنے کے لئے جس سنجیدگی کے ساتھ اقدامات اٹھا رہے ہیں وہ قابل تحسین ہے یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے گفتگو کے دوران کہی نصیب اللہ خان بازئی کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر جام کمال کوئٹہ کی خوبصورتی اور تعمیر و ترقی پر اربوں روپے خرچ کر رہے ہیں حالانکہ کوئٹہ سے بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

محکمہ معدنیات و معدنی ترقی حکومت بلوچستان کا اعلامیہ

کوئٹہ (غ ن) محکمہ معدنیات و معدنی ترقی حکومت بلوچستان کے ایک اعلامیہ کے مطابق حکام بالا کی منظوری سے تمام مصطفیٰ (پی ایس-19) ایڈیشنل سیکرٹری معدنیات کو چیف انجینئر آفیسر بلوچستان منیرل ریسورسز ڈویلپمنٹ (پی ایم آر ایل) کے عہدے کا چارج دے دیا گیا ہے۔

زندہ قومیں اپنی قومی تہوار جوش و جذبہ سے مناتے ہیں، فیاض علی

یوم آزادی کے دن ہمیں عہد کرنا ہوگا کہ ہم ملک کی ترقی کیلئے دن رات محنت کریں

لورالائی (غ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) فیاض علی نے کہا ہے کہ زندہ قومیں اپنی قومی تہوار جوش و جذبہ سے مناتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوم آزادی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر بوری عطاء المنعم، تحصیلدار بوری شاہ، اللہ لوئی، ایکسین پی ایچ ای سید جہانگیر شاہ، ڈپٹی ڈائریکٹر واٹر مجلف نور محمد غلوئی، ڈی ایچ او شبیر احمد مینگل، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی محمد علی زہری، ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر ظفر اللہ شاہ، محکمہ انفارمیشن محمود بلوچ اور بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

سازشی عناصر اور عوام دشمن قوتیں سماجی اداروں کے پیچھے پروپیگنڈہ کر رہے ہیں، عبدالواحد بلوچ

ڈی ایچ کیو ہسپتال لورالائی جو میرے دور سے قتل کھندرات کا منظر پیش کر رہا تھا مگر اب مکمل طور پر فعال بنا دیا گیا ہے

لورالائی (غ ن) ضلعی ہیلتھ آفیسر لورالائی ڈاکٹر عبدالواحد بلوچ نے کہا ہے کہ لورالائی میں بعض سازشی عناصر اور عوام دشمن قوتیں جو کہ سماجی اداروں کے پیچھے پروپیگنڈہ کر رہے ہیں ڈی ایچ کیو ہسپتال لورالائی جو میرے دور سے قتل کھندرات کا منظر پیش کر رہا تھا مگر اب مکمل طور پر فعال بنا دیا گیا ہے تمام ڈاکٹرز آ چکے ہیں روزانہ کی بنیاد پر آپریشن ہو رہے ہیں جدید سامان فراہم جس میں آپریشن تھیٹر کا بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

دکاندار 16 اگست تک سنوسپرے پٹانے فروخت کرنے سے گریز کریں

تین دن تک پٹانے اور سپرے کی خرید و فروخت پر مکمل پابندی رہے گی، رحیم آغا

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ کے صدر رحیم آغا جنرل سیکرٹری حاجی اللہ داد ترین نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ آج ڈی سی آفس کوئٹہ میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ اور تحریب باوینی کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس کے فیصلوں کی روشنی میں تمام دکانداروں سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ وہ آج سے 16 اگست تک سنوسپرے پٹانے فروخت کرنے سے گریز کریں تین دن تک پٹانے اور سپرے کی خرید و فروخت پر مکمل پابندی بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

حالیہ حالات کے پیش نظر چمن شہر کی رش والی مین جگہوں کی پارکنگ پر تاحکم ثانی پابندی

چمن (غ ن) اسسٹنٹ کمشنر سب ڈویژن چمن کے دفتر سے جاری ہونے والے ایک سرکلر کے مطابق حالیہ حالات کے پیش نظر چمن شہر کی رش والی مین جگہوں تاج روڈ، مارکیٹ روڈ، مال روڈ، پاور ہاؤس روڈ، قندھاری بازار، صرافی بازار، زنانہ بازار، موٹر سائیکل شوروم والی گلی پر موٹر سائیکلوں بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

محکمے کے زیر اہتمام جاری ترقیاتی منصوبوں پر کوئی بھی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، اظہر کھوسہ

عوام کو شکایت ہے کہ وہ کسی بھی قسم کی کوتاہی یا بدعنوانی میں ملوث ہیں انہیں محکمے میں کسی صورت بھی برداشت نہیں کیا جائے گا

ڈیرہ بگٹی (این این آئی) سیکرٹری محکمہ ایریگیشن ڈیرہ بگٹی اظہر کھوسہ نے کہا ہے کہ محکمے کے زیر اہتمام جاری ترقیاتی منصوبوں پر کوئی بھی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی جو کہ عوام کے لئے ہے کہ وہ کسی بھی قسم کی کوتاہی یا بدعنوانی میں ملوث ہیں انہیں محکمے میں کسی صورت بھی برداشت نہیں کیا جائے گا بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

جشن آزادی کو ضلع کچھی میں بھی ملی جوش جذبے کے ساتھ منایا جائیگا، مراد خان کاسی

پرچم کشائی کی جائیگی اور سرکاری عمارتوں پر چراغاں کیا جائیگا، ڈپٹی کمشنر کچھی

بولان (این این آئی) ڈپٹی کمشنر کچھی مراد خان کاسی نے یوم آزادی کے حوالے سے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ 14 اگست قومی یکجہتی کا دن ہے اس دن ہمارا پیارا وطن پاکستان دنیا کے نقشے پر معرض وجود میں آیا دنیا کی تاریخ میں زندہ قومیں اپنی آزادی کے دن کو شایان شان طریقے بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

کوٹ لاکھو سابق وزیر خزانہ میر خالد لانگو سے خالق آباد کے لوگ ملاقات کر رہے ہیں

گوادر ڈیولپمنٹ اتھارٹی گوادر کی ترقی کے لیے دن رات کام کر رہا ہے، شاہ زیب کاکڑ

جی ڈی اے سینٹرل پارک کو کھلی سطح کے پارک بنانے کے لیے سیکیڈ فیز میں الیکٹرک جھولے نصب کئے جائیں گے

گوادر (غ ن) ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات گوادر شاہ زیب کاکڑ نے کہا ہے کہ گوادر ڈیولپمنٹ اتھارٹی گوادر کی ترقی کے لیے دن رات کام کر رہا ہے۔ شہر میں ادارہ ترقیات کے ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے جن میں یونین کونسل جنوبی کے نکاسی آب کا نظام آخری مراحل میں ہے۔ اور مذکورہ علاقے کا سیوریج کا نظام رواں سال کے آخر میں مکمل کر دیا جائے گا جبکہ جی ڈی اے سینٹرل پارک کو کھلی سطح کے پارک بنانے کے لیے سیکیڈ فیز میں الیکٹرک جھولے نصب کئے جائیں گے۔

یونیورسٹی لا کالج صوبے میں انصاف و قانون کی تعلیم کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، ڈاکٹر شفیق الرحمان

کثیر تعداد میں فارغ التحصیل انصاف کی فراہمی میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں، وائس چانسلر جامعہ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) جامعہ بلوچستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شفیق الرحمان نے یونیورسٹی لا، کالج کوئٹہ کا دورہ کیا۔ لا کالج کے پرنسپل محمد کاکڑ اور دیگر نے وائس چانسلر کا استقبال کیا اور کالج کے تعلیمی سرگرمیوں، ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے جامعہ کے وائس چانسلر کو آگاہ کیا اور مستقبل کے تعلیمی پروگرامز سمیت معیاری تعلیم کے فروغ، ترجیحی سرگرمیوں، مشترکہ طور پر سیمینارز بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں پہلی مرتبہ ایک سرمایہ کاری پالیسی بنائی جا رہی ہے، فرمان زرکون

سرمایہ کاری پالیسی کے حوالے سے اپنی تجاویز دیں، فرمان زرکون نے یقین دہانی کرائی کہ انکی تجاویز کو سرمایہ کاری پالیسی کا حصہ بنایا جائیگا

صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے ایک سنگ میل ثابت ہوگی اور اس سے بلوچستان میں ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاری کی راہ ہموار ہوگی، چیف ایگزیکٹو سرمایہ کاری بورڈ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو فرمان زرکون نے گزشتہ روز کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے دفتر کا دورہ کیا اور چیمبر کے نائب صدر بدرالدین سمیت دیگر عہدیداروں سے ملاقات کی، اس موقع پر یورپی یونین کے نمائندے بھی موجود تھے، ملاقات میں مجوزہ سرمایہ کاری پالیسی و دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، چیمبر کے نمائندوں نے سرمایہ کاری پالیسی کے حوالے سے اپنی تجاویز دیں، فرمان زرکون نے یقین بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

لاہور صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ میں بچے کو پولیو کے قطرے پلا رہی ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان کی خصوصی ہدایت پر نوشکی میں نئے ڈائیلاسز سینٹر کا آغاز کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام میر کمال خان عالیانی کی خصوصی ہدایت پر سیکرٹری ہیلتھ دوستین جمالدینی اور ڈی جی ہیلتھ ڈاکٹر شاکر بلوچ کی قیادت میں ڈائیلاسز پروگرام کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر شوکت علی بلوچ نے اپنی ٹیم بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

مچھ میں تیز رفتار مسافر وین الٹنے سے چار مسافر جاں بحق 6 زخمی

کوئٹہ (این این آئی) مچھ میں تیز رفتار مسافر وین الٹنے سے چار مسافر جاں بحق 6 زخمی ہو گئے۔ ریسکیو کے مطابق جدہ کو مچھ کے علاقے دوزان میں ایک آباد سے کوئٹہ آنے والی وین نمبر BMA765 تیز رفتاری کے باعث بے قابو ہو بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر محمد یاسر بازئی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سبی محمد اسماعیل مینگل نے رضا ماچھی بند چانڈیہ کا دورہ کر کے امدادی سرگرمیوں کا آغاز کر دیا

سبی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر محمد یاسر بازئی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سبی محمد اسماعیل مینگل نے رضا ماچھی بند چانڈیہ کا دورہ کر کے امدادی سرگرمیوں کا آغاز کر دیا ہے۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ لیویز رسالدار محمد عارف مری، رسالدار گزین، MMD کے شاہد نور، ایکسین ارریگیشن اشوک کمار اور لیویز کے جوان تھے۔ گزشتہ رات بھی انہوں نے رات گئے کمشنر، ڈپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنر بولیو کے ساتھ اس بند کا ہنگامی دورہ کیا تھا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے وہاں کے عوام کی خواہش کے مطابق سیلابی پانی کا بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

ملک کی آزادی کے لیئے ہمارے بزرگوں نے بے شمار قربانیاں دی ہیں، جبار خلجی اور دیگر

ملک دشمن قوتیں بدامنی پھیلا کر پاکستان کو کمزور اور غیر مستحکم کرنا چاہتی ہیں

بلوچستان صرافہ ایسوسی ایشن جشن آزادی بھرپور طریقے سے منائے گی، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان صرافہ ایسوسی ایشن کے چیئرمین سردار جبار خان خلجی سرپرست اعلیٰ حاجی علی محمد صراف، صدر عبدالہادی صراف، سینئر نائب صدر مرید ندیم شاہوانی صراف، جنرل سیکرٹری علی رضا صراف اور پریس سیکرٹری صاحبزادہ صراف نے کہا ہے کہ آزادی ایک نعمت ہے اسکی قدر کرنی چاہیے اس ملک کی آزادی کے لیئے ہمارے بزرگوں نے بے شمار قربانیاں دی ہیں انہوں نے کہا ہے کہ یہ ملک ہم نے اپنے آباؤ اجداد کی عظیم قربانیوں کے نتیجے میں حاصل کیا اس کا تحفظ اور تعمیر و بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

اقلیتی برداریوں کے درمیان کسی بھی قسم کی کوئی تفریق نہیں ہے، دھنیش کمار، خلیل جارج

پاکستان اقلیتوں کے لئے محفوظ ترین ملک ہے ہمارے باؤا اجداد نے آزادی کے وقت پاکستان میں رہنے کا درست فیصلہ کیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنماء و پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور دھنیش کمار پالیانی سابق رکن قومی اسمبلی خلیل جارج نے کہا ہے کہ پاکستان اقلیتوں کے لئے محفوظ ترین ملک ہے ہمارے باؤا اجداد نے آزادی کے وقت پاکستان میں رہنے کا درست فیصلہ کیا، پاکستان میں کسی بھی اقلیت کو عام شہری کے برابر حقوق حاصل ہیں انکی وجہ سے اقلیتوں نے ملکی ترقی میں اپنا کردار ادا کیا ہے، یہ بات انہوں نے مدر ٹیریسا میموریل سوسائٹی کے زیر اہتمام اقلیتوں کے قومی دن کے موقع پر کوئٹہ میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں کسی بھی بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر میں پرائیویٹ اسکولز 15 اگست سے کھولے جائیں گے، پرائیویٹ اسکولوں کے ڈائریکٹرز اور پرنسپلز

اگر حکومت نے اسکولوں کے خلاف کوئی انتقامی کارروائی کی تو پرائیویٹ اسکولز ایکشن کمیٹی پورے صوبے میں احتجاجی تحریک شروع کریگی

کوئٹہ (این این آئی) پرائیویٹ اسکولوں کے ڈائریکٹرز اور پرنسپلز نے کہا ہے کہ بلوچستان بھر میں پرائیویٹ اسکولز 15 اگست سے کھولے جائیں گے اگر حکومت نے اسکولوں کے خلاف کوئی انتقامی کارروائی کی تو پرائیویٹ اسکولز ایکشن کمیٹی کے زیر اہتمام بدھ کو احتجاجی تحریک شروع کریگی، حکومت نے کورونا وائرس کے باعث لاک ڈاؤن کے دوران پرائیویٹ اسکولز کے ساتھ کئے گئے وعدوں پر کوئی عملدرآمد نہیں کیا اگر حکومت مخلص ہے تو پرائیویٹ اسکولوں کو فوری طور پر بلاسود قرضے اور پی ای ایف گرانٹ ان ایڈ دے۔ یہ بات پرائیویٹ اسکولز ایکشن کمیٹی کے زیر اہتمام بدھ کو اگیلانی روڈ پر پرائیویٹ بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

نصیر آباد ڈپٹی کمشنر جھل مگسی شرجیل نور سیلاب سے متاثرہ روڈ کی بحالی کے کام کا جائزہ لے رہے ہیں

صحبت پور کے علاقے میں ٹریفک حادثے میں ایک شخص جاں بحق ہو گیا

صحبت پور (نامہ نگار) صحبت پور کے علاقے میں ٹریفک حادثے میں ایک شخص جاں بحق ہو گیا جبکہ دو افراد شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا پولیس کے مطابق بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

دہشتگردوں کا کوئی مذہب نہیں ہوتا، خان بہادر چیف سردار شعیب احمد خان گولہ

دشمن عناصر اس طرح کے واقعات سے ہمارے حوصلے پست نہیں کر سکتے ہم ایک بہادر قوم ہے

تیموین (نامہ نگار) خان بہادر چیف سردار شعیب احمد خان گولہ نے چمن میں ہونے والے بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا دہشتگردوں کا کوئی مذہب نہیں ہوتا اور دشمن عناصر اس طرح کے واقعات سے ہمارے حوصلے پست نہیں کر سکتے ہم ایک بہادر قوم بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

کرخ میں گزشتہ ایک ہفتہ سے بجلی غائب تاجر برادری سمیت عوام کو سخت مشکلات کا سامنا

بجلی کے کام شروع نہیں کیا گیا ہے شدید گرمی میں عوام کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

خضدار (نامہ نگار) کرخ میں گزشتہ ایک ہفتہ سے بجلی غائب تاجر برادری سمیت عوام کو بجلی نہ ہونے کی وجہ سے سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے حالیہ طوفان کی بارشوں کی وجہ سے جہاں سڑکیں بہہ گئے تھے تو وہاں بجلی کے کھمبے بھی گر گئے تھے سڑکیں تو بحال ہو گئے لیکن واپڈا کے ذمہ داران تاحال عوام کی مشکلات کو نظر انداز کر رہے ہیں بجلی کے کام شروع نہیں کیا گیا ہے شدید گرمی میں بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

14 اگست کا دن ہمارے لیے کسی نعمت سے کم نہیں ہے، سردار وحید مراد سونگی

سونگی قوم محب وطن ہیں میں بحیثیت چیف آف سونگی اپنے سونگی قوم کو ہمیشہ پرامن رہنے اور حب الوطنی کا درس دیتا رہا ہوں گا

سبی (نامہ نگار) سونگی قبائل کے سربراہ چیف آف سونگی سردار وحید مراد سونگی نے کہا کہ 14 اگست کا دن ہمارے لیے کسی نعمت سے کم نہیں ہے سونگی قوم محب وطن ہیں میں بحیثیت چیف آف سونگی اپنے سونگی قوم کو ہمیشہ پرامن رہنے اور حب الوطنی کا درس دیتا رہا ہوں گا بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح علمائے کرام اور دیگر مسلمانوں کی طویل جدوجہد کے بعد پاکستان کو آزادی ملی جسکی وجہ بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

محکمہ ایری گیشن کی کروڑوں روپے کی مشینری سکریپ ہو چکی، ملک نصیر

پرموشن لسٹ میں سینئر ملازمین کی حق تلفی تسلیم نہیں کی جائے گی، محمد انور و دیگر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان کینال لیبر یونین بلوچستان سی بی اے ڈرائنگ ڈائریکٹوریٹ کوئٹہ زون کے صدر ملک نصیر محمد انور، بشیر اچکزئی و دیگر عہدیداروں نے کہا ہے کہ محکمہ ایری گیشن کی بیوی اور انتہا، قیمتی مشینری گزشتہ دس سال سے کو بلو دشت کردگاپ میں کھڑی سکریپ میں تبدیل ہو گئی ہے ان علاقوں میں کھڑی محکمہ ایری گیشن کی مشینری کے اکثر قیمتی پرزے غائب ہو گئے ہیں۔

منیر احمد خان کاکڑ و دیگر کی چیئرمین سینیٹ آف پاکستان محمد صادق سنجرانی سے ملاقات

عرصہ دراز بلوچستان سے ایڈیشنل اٹارنی جنرل کی آسامی خالی ہے جس پر بلوچستان کے وکلاء کا حق ہے، منیر احمد کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان بار کونسل کے وائس چیئرمین منیر احمد خان کاکڑ چیئرمین ایگزیکٹیو کمیٹی محمد سلیم لاشاری چیئرمین ویمن رائٹس راحب خان بلیدی ایڈووکیٹ نے چیئرمین سینٹ آف پاکستان محمد صادق سنجرانی سے ملاقات کی بار کونسل کے وفد نے وفاق سے متعلق لا، آفیسرز اور مختلف ٹریبونلز میں بلوچستان کے وکلاء کو نظر انداز کرنے پر اور دیگر امور پر گفتگو بلوچستان بار کونسل کے وفد نے بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

پورے بلوچستان میں یوم آزادی بھرپور جوش و جذبے سے منایا جائے گا، ولی محمد نورزئی

بلوچستان عوامی پارٹی پورے صوبے میں ریلیوں اور تقریبات کا انعقاد کریں گی

زندہ قومیں اپنا جشن آزادی بھرپور طریقے سے مناتی ہیں، بلوچستان عوامی پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کوئٹہ سٹی کے صدر حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا ہے 14 اگست کو پورے بلوچستان میں یوم آزادی بھرپور جوش و جذبے سے منایا جائے گا بلوچستان عوامی پارٹی پورے صوبے میں ریلیوں اور تقریبات کا انعقاد کریں گی، زندہ قومیں اپنا جشن آزادی بھرپور طریقے سے مناتی ہیں جشن آزادی پاکستان ہمیں ایک زندہ قوم ہونے کا احساس دلاتی ہے پاکستان لاکھوں قربانیوں کے بعد حاصل ہوا، پاکستان کی بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

صوبائی سیکرٹری اطلاعات شاہ عرفان غرشین سے ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان کا وفد ملاقات کر رہا ہے

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے انور خان کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

وفاقی حکومت مہنگائی کو کنٹرول کرنے کی بجائے مہنگائی کا سبب بننے والوں کی سرپرستی کر رہی ہے، قیوم بارکزئی

پی ٹی آئی اور اسکی وفاقی حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی پارٹی کے وائس چیئرمین قیوم بارکزئی ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت مہنگائی کو کنٹرول کرنے کی بجائے مہنگائی کا سبب بننے والوں کی سرپرستی کر رہی ہے، مہنگائی اور بے روزگاری نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے اور عوام بھوک کے ہاتھوں خودکشیاں کرنے پر مجبور ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں قیوم بارکزئی نے کہا کہ پی ٹی آئی اور اسکی بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

سیلاب سے متاثرہ گندواہ اور تھل مگسی، نوتال نوگندواہ اور گندواہ شہری مین پل کا کام مکمل کر لیا گیا، ڈاکٹر شرجیل نور

تھل مگسی (غ ن) ڈپٹی کمشنر تھل مگسی ڈاکٹر شرجیل نور نے کہا ہے کہ سیلاب سے متاثرہ گندواہ اور نوتال تھل مگسی، نوتال نوگندواہ اور گندواہ شہری مین پل کا کام مکمل کر لیا گیا جس کے بعد شاہراہ پبلک ٹرانسپورٹ کے لیئے کھول دی گئی ہے چار بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

محرم الحرام کے حوالے سے علماء کا اجلاس 17 اگست ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کے آفس میں ہوگا

کوئٹہ (غ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کے زیر صدارت محرم الحرام کے حوالے سے علماء کا اجلاس 17 اگست بروز پیر اور 18 اگست بروز منگل صبح 11 بجے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کے آفس میں ہوگا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کے زیر صدارت محرم الحرام کے حوالے سے علماء کا اجلاس 17 اگست بروز پیر اور 18 اگست بروز منگل صبح 11 بجے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کے آفس میں ہوگا۔

پاکستان میں اب لڑکی کی پیدائش پر ماں کو 2 ہزار اور لڑکے پر 1500 ملیں گے، ثانیہ نشتر

ملک کے 9 اضلاع کے 33 مراکز میں احساس نشوونما پروگرام کا آغاز کیا گیا ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان کی معاون خصوصی برائے سماجی تحفظ اور احساس پروگرام کی چیئرپرسن ڈاکٹر ثانیہ نشتر نے کہا ہے کہ ملک کے 9 اضلاع کے 33 مراکز میں احساس نشوونما پروگرام کا آغاز کیا گیا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ احساس پروگرام کا خیبر پختونخوا میں نیا پروگرام شروع ہو رہا ہے جس میں وزیر اعظم بھی شریک ہوں گے، یہ پروگرام غذائی قلت سے متعلق ہے۔ معاون خصوصی نے بتایا کہ احساس نشوونما پروگرام کے تحت ایک گھرانے میں 2 بچوں کو سپورٹ کیا جائے گا اور ماں کو لڑکا ہونے پر 1500 اور لڑکی کی پیدائش پر 2000 روپے فی سہ ماہی ملیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بچے کی پیدائش کے 15 ہزار تک خواتین اس پروگرام سے مستفید ہوں گی۔

ہر سال کی طرح امسال بھی یوم آزادی ملی جوش و جذبے سے منایا جائے گا، اورنگزیب بادینی

کورونا کے پھیلاؤ، امن و امان کی صورتحال کے پیش نظر شہر کے تمام پکنک پوائنٹس، تقریبات اور ریلیوں پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے

کورونا کی صورتحال کی وجہ سے 14 اگست یوم آزادی انتہائی سادگی سے منایا جائیگا، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

کوئٹہ (غ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ میجر (ر) اورنگزیب بادینی نے کہا ہے کہ ہر سال کی طرح امسال بھی یوم آزادی ملی جوش و جذبے سے منایا جائے گا لیکن کورونا کی صورتحال کی وجہ سے 14 اگست یوم آزادی انتہائی سادگی سے منایا جائیگا جبکہ کورونا کے پھیلاؤ، امن و امان کی صورتحال کے پیش نظر شہر کے تمام پکنک پوائنٹس، تقریبات اور ریلیوں پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے تمام داخلی و خارجی راستوں پر سکیورٹی کے انتہائی سخت انتظامات کئے جائیں گے کوئٹہ شہر میں دفعہ 144 نافذ ہے کسی بھی قسم کی ریلی اور تقریبات کے لئے ڈی سی آفس سے این او سی لازمی ہے بغیر اجازت ریلی نکلنے اور تقریبات کے انعقاد پر بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نیشنل پارٹی کے رجسٹریشن آفس کے دورے کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

بی اے پی کے مرکزی صدر جام کمال خان نے بشریٰ رند کو بی اے پی خواتین ونگ کی آرگنائزر مقرر کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی صدر جام کمال خان نے رکن بلوچستان اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری کیڈی اے بشریٰ رند کو بی اے پی خواتین ونگ کی آرگنائزر مقرر کر دیا ہے، جبکہ اس ضمن میں انہیں بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے انچارج کی ذمہ داریاں بھی تفویض کی گئی ہیں۔

صوبائی کابینہ نے چیئرمین تحفظ ماحولیات ایجنسی کی مدت ملازمت میں توسیع کی منظوری دے دی

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی کابینہ نے چیئرمین تحفظ ماحولیات ایجنسی کی مدت ملازمت میں توسیع کی منظوری دے دی، بدھ کو وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیر صدارت بلوچستان کابینہ کے اجلاس میں چیئرمین بلوچستان ماحولیات پروٹیکشن ایجنسی کی مدت ملازمت میں توسیع کی منظوری دے دی گئی۔

گرمی کے موسم میں علاقے کے عوام پانی کے ایک ایک بوند کیلئے ترس رہے ہیں، سردار حفیظ لونی

محکمہ پی ایچ ای کا ایکسین صورتحال سے بخوبی باخبر ہونے کے باوجود کوئی ایکشن نہیں اٹھا رہے ہیں

لورالائی (این این آئی) بے یو آئی کے مرکزی رہنماء سابق صوبائی وزیر قانون و پارلیمانی امور سردار حفیظ لونی نے کہا ہے کہ ضلع دکی میں محکمہ پی ایچ ای نے کرپشن کی انتہا کر دی ہے ہمارے علاقے میں دالربیلائی کے دال میٹھوں کے نخواہوں سے کٹوتی کر کے انہیں کھلی چھٹی دے دی گئی ہے جس سے پورے علاقے میں پانی کا بہت بڑا بحران پیدا ہو گیا ہے گرمی کے موسم میں علاقے کے عوام پانی کے ایک ایک بوند کیلئے ترس رہے ہیں لیکن محکمہ پی ایچ ای کا ایکسین صورتحال سے بخوبی باخبر ہونے کے باوجود کوئی ایکشن نہیں اٹھا رہے ہیں۔

رئیس عبدالرحمان کرد کی جانب سے جھالاوان کے انصافیکٹر کی اعزاز میں عیدملن پارٹی کا انعقاد

عیدملن پارٹی کے مہمان خاص پی ٹی آئی ضلع خضدار کے صدر حاجی عبدالرسول قلندرانی تھے

خضدار (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف ویلفیئر ونگ ساؤتھ ایسٹ ریجن کے صدر، جھالاوان میں پی ٹی آئی کے روح رواں رئیس عبدالرحمان کرد کی جانب سے جھالاوان کے انصافیکٹر کی اعزاز میں عیدملن پارٹی کا انعقاد پی ٹی آئی ضلعی سیکرٹریٹ کرد ہاؤس بازگیر میں کیا گیا۔ اس شاندار عیدملن پارٹی کے مہمان خاص پی ٹی آئی ضلع خضدار کے صدر حاجی عبدالرسول قلندرانی تھے جبکہ پروگرام بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

بلوچستان کابینہ نے احساس ایمرجنسی کیش پروگرام اور وزیر اعظم ڈونیشن ریلیف فنڈز کو بیکرلیکس سے مستثنیٰ قرار دے دیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کابینہ نے احساس ایمرجنسی کیش پروگرام اور وزیر اعظم ڈونیشن ریلیف فنڈز کو بیکرلیکس سے مستثنیٰ قرار دے دیا، بدھ کو وزیر اعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت ہونے والے صوبائی کابینہ کے اجلاس میں کابینہ بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

حکومت ناکام ہو چکا ہے کسی طبقہ کو آزادی نہیں ہے، مبارک خان محمد حسنی

ملک کو بھکاری بنا کر عام آدمی کو بھی قرضدار کر کے بے ضمیر کر د